ICI PAKISTAN LTD.

# ہمقدم

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پبلی کیشن کا سہ ماہی جریدہ
جلد نمبر ۸ شمارہ نمبر ۳ جولائی تا ستمبر ۲۰۱۸

A Part of YBG

سروے فارم
بھریں اور جیتیں
انعامات!




## یومِ آزادی ایس او ایس ولیج کے بچوں کے ساتھ

# یومِ آزادی ایس او ایس ولیج کے بچوں کے ساتھ

پہچان والنٹیئر پروگرام کے تحت شیئرڈ سروسز اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے ایس او ایس ولیج لاہور کے بچوں کے ساتھ یومِ آزادی منانے کا فیصلہ کیا۔

ایس او ایس ولیج لاہور میں 133 کے قریب اسٹوڈنٹس رہائش پزیر ہیں۔ یومِ آزادی کی تقریب کے دن ان کا جوش وخروش دیکھنے کا تھا۔ شیئرڈ سروسز کی ٹیم بھی حب الوطنی کے جذبے سے بھرپور بچوں کے ساتھ مل کر مختلف ملی نغموں اور کھیلوں میں حصہ لے رہی تھی۔

تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا جس کے بعد قومی پرچم لہرایا گیا اور یومِ آزادی کا کیک کاٹا گیا۔ ایس او ایس ولیج کی پرنسپل مسز الماس بٹ نے اپنی تقریر میں آزادی کی جدوجہد اور اہمیت کے بارے میں بچوں کو بتایا جبکہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے شمیم احمد منیجر، شیئرڈ سروسز اکاؤنٹس نے پہچان والنٹیئر پروگرام اور ایس او ایس ولیج کے بچوں کیلئے اس تقریب کو منعقد کرنے کے بارے میں اظہار خیال کیا، انھوں نے کہا کہ آج ہم سب کو آپ لوگوں کے ساتھ یومِ آزادی مناتے ہوئے جو لطف آرہا ہے وہ ہم بتا نہیں سکتے۔ آج کا دن ہم سب کیلئے ایک یادگار دن ہے اور ہم ہمیشہ کہیں گے کہ ہم نے ایک یوم آزادی ایس او ایس ولیج کے بچوں کے ساتھ بھی منایا تھا ہم امید کرتے ہیں کہ ہم آئندہ بھی آپ کیلئے ایسے بہت سے پروگرام ترتیب دیں گے۔

پروگرام کے اختتام سے قبل پاکستان کی آزادی اور تاریخ کے حوالے سے دو چھوٹی چھوٹی ڈاکومنٹری وڈیوز بھی بچوں کو دکھائی گئیں تاکہ انھیں معلوم ہو کہ آزادی کتنی جدوجہد سے حاصل ہوتی ہے اور کتنی قیمتی چیز ہے۔ تقریب کے دیگر پروگراموں کے علاوہ ایک فوٹو بوتھ بھی ترتیب دیا گیا تھا جہاں بچوں اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے رضا کاروں نے اپنی یادگار تصویریں بنوائیں۔

تقریب کے مہمانِ خصوصی پولیئسٹر اینڈ سوڈا ایش بزنسز کے وائس پریزیڈنٹ اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی، سہیل اسلم خان تھے جنھوں نے مختلف کھیلوں میں جیتنے والے بچوں میں انعامات تقسیم کیئے۔

"یومِ آزادی کی تقریب کے حوالے سے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے سہیل اسلم خان نے کہا ان بچوں کی خوشی اور جوش و جذبہ دیکھ کر مجھے احساس ہو رہا ہے کہ آج ہم نے کچھ اچھا کام کیا ہے میں پوری آرگنائزنگ ٹیم کو اتنا اچھا پروگرام ترتیب دینے پر مبارکباد دیتا ہوں۔"































ایس او ایس ولیج لاہور کی پرنسپل مسز الماس بٹ کا یومِ آزادی کی تقریب کے حوالے سے کہنا تھا کہ ہمارے یہاں اکثر ادارے تقریبات منعقد کرنے آتے ہیں لیکن آج جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹیم نے تقریب منعقد کی ہے یہ ہر لحاظ سے بہترین تقریب ہے۔ ہمارے بچوں نے بہت انجوائے کیا ہے جس کا اندازہ ان کی خوشی سے بھرپور چہروں سے لگایا جاسکتا ہے۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے والنٹیئر ز کا بھی کہنا تھا کہ ہمارے لئے بھی ایس او ایس ولیج کے بچوں سے رابطے کا پہلا تجربہ تھا اور یہ بہت کامیاب رہا۔



































# افتتاح

## ہمقدم کمیونٹی کلینک شیخوپورہ

ہمقدم کمیونٹی کلینک شیخوپورہ کے قریب جوئیاں والا موڑ کے علاقے میں قائم کیا گیا ہے۔ اس کلینک کا بنیادی مقصد ماں اور بچے کی صحت کی نگہداشت ہے۔ خاص طور سے حاملہ خواتین کی حمل کے دوران رہنمائی اور نگہداشت کیونکہ پاکستان میں مناسب دیکھ بھال کی سہولتیں نہ ہونے کی وجہ سے زچگی کے دوران خواتین کی اموات کی تعداد غیر معمولی ہے۔ ویسے تو کلینک کا آغاز 10 مئی سے کر دیا گیا تھا لیکن اس کا باقاعدہ افتتاح 4 اکتوبر 2018 کو آصف جمعہ چیف ایگزیکٹو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور مارون لوبو، چیف ایگزیکٹو میری ایڈیلیڈ لیپر وسی سینٹر، کراچی نے کیا۔ ایم اے ایل سی کی ٹیم ،آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر پلانٹ شیخوپورہ کی انتظامیہ، یونین کے عہدیدار اور مقامی افراد بھی اس موقع پر موجود تھے۔

سینٹر کی انچارج ڈاکٹر بینش زبیر نے گزشتہ 4 ماہ کے دوران سینٹر کی کارکردگی سے مہمانوں کو مختصراً آگاہ کیا جس کے مطابق 30 ستمبر تک ماں اور بچوں کی صحت کے حوالے سے کلینک کی کارکردگی مندرجہ ذیل رہی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1۔ | خواتین تعداد | 1653 |
| 2۔ | بچے (12 سال تک کی عمر) | 1002 |
| 3۔ | 5 سال تک کی عمر کے بچوں کی خصوصی نگہداشت (روڈ ٹو ہیلتھ چارٹ) پروگرام | 833 |
| 4۔ | مجموعی او پی ڈی | 3488 |
| 5۔ | حاملہ خواتین کی نگہداشت | 114* |

*یہ تعداد خواتین کی تعداد میں شامل ہے۔

واضح رہے کہ کلینک میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے مریضوں کو دیکھا جاتا ہے اور ضروری ادویات مفت فراہم کی جاتی ہے جبکہ 5 سال تک کے عمر کے بچوں کی افزائش کو "روڈ ٹو ہیلتھ چارٹ" پروگرام کے تحت خصوصی طور پر زیر نگرانی رکھا جاتا ہے۔

مقامی اکابرین کا کہنا تھا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اس علاقے میں کلینک قائم کر کے ہمارے لئے بہت بڑی سہولت مہیا کی ہے ورنہ ہمیں اپنے گھر والوں اور بچوں کے علاج کیلئے شیخوپورہ لیجانا پڑتا تھا جس میں صرف ٹرانسپورٹ کے کرائے کی مد میں ہی 100 روپے سے زیادہ خرچ ہوجاتے تھے۔ اب اس کلینک میں ڈاکٹر صاحبہ بھی اچھی طرح دیکھتی ہیں اور ہمیں دوائی بھی مفت ملتی ہے۔

ایم اے ایل سی کے چیف ایگزیکٹو مارون لوبو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ ہم آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اشتراک سے یہ کلینک چلا رہے ہیں۔ یہ ہمارا پنجاب میں دوسرا کلینک ہے۔ اس سے قبل 2016 میں ہم نے کھیوڑہ میں بھی ہمقدم کے نام سے ہی کلینک کا آغاز کیا تھا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور میری ایڈیلیڈ لیپر وسی سینٹر کراچی باہمی تعاون سے علاقے کے لوگوں کی زندگیوں میں بہتری لائیں گے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔

















# کھیوڑہ شہر کو پانی کی یقینی فراہمی جنریٹرز کا عطیہ







آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے کھیوڑہ میونسپل کمیٹی کو 500KV کے دو عدد جنریٹرز عطیہ کئے گئے ہیں تاکہ کھیوڑہ ٹاؤن جس کی آبادی اس وقت ایک لاکھ سے بھی تجاوز کر چکی ہے اس کو با آسانی پانی دستیاب ہوتا رہے۔ واضح رہے کہ کھیوڑہ کا علاقہ نمک کی کانوں کی وجہ سے مشہور ہے اور پہاڑی ہونے کی وجہ سے میٹھے پانی کا حصول بہت دشوار ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے علاقے کے لوگوں کے پانی سے متعلق مسئلے کو دیکھتے ہوئے کمپنی کی باؤنڈری وال پر مختلف فاصلوں سے 20 سے زائد واٹر سپلائی کنکشنز پہلے ہی دیئے ہوئے ہیں لیکن آبادی میں اضافے کی وجہ سے اب یہ کنکشنز ناکافی ہو گئے تھے۔ چنانچہ کمپنی نے ایک معاہدے کے تحت دو عدد ہیوی ڈیوٹی جنریٹرز میونسپل کمیٹی کو عطیہ کئے ہیں جو کہ دریائے جہلم سے پانی کو کھینچ کر کھیوڑہ شہر تک لائیں گے۔

ان جنریٹر کی افتتاحی تقریب 5 اکتوبر 2018ء کو منعقد ہوئی جس کے مہمانِ خصوصی وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین تھے۔ سہیل اسلم خان وائس پریزیڈنٹ سوڈا ایش اینڈ پولیئسٹر بزنسز نے سوڈا ایش کے ٹیم کے ہمراہ مہمانِ خصوصی اور ان کے ساتھ آنے والے تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔




















تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سہیل اسلم خان نے معزز مہمانوں کی آمد پران کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کھیوڑہ میں گزشتہ تقریباً 75 سال سے کام کر رہا ہے اور ہم یہاں کے لوگوں کے مسائل کے حل میں اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ جنریٹرز کا عطیہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اس کے علاوہ کمپنی ملک کی معیشت میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے اور ہم مجموعی طور پر۔۔۔ بلین روپے ٹیکس ملکی خزانے میں جمع کراتے ہیں۔

آخر میں سہیل اسلم خان نے ایک مرتبہ پھر وفاقی وزیر اور دیگر معزز مہمانوں کا ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات، چوہدری فواد حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اس عطیے اور دیگر فلاحی سرگرمیوں کو سراہا جو کہ کھیوڑہ کے باشندوں کیلئے کمپنی کی جانب سے کی جا رہی ہیں اور امید ظاہر کی کہ کمپنی اپنے پروگراموں کو اسی طرح جاری رکھے گی۔

تقریب کے اختتام پر شرکاء کیلئے چائے کا اہتمام کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ تقریب میں سینئر ممبر قومی اور صوبائی اسمبلی اور دیگر سرکاری افسران بھی موجود تھے۔

# اداریہ

## عزیز ساتھیو!

ہمقدم کا نیا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اس میں آپ کو اپنی دلچسپی کی بہت ساری خبریں ملیں گی۔ جس میں سے خاص طور سے پہچان والنٹیئر پروگرام کے حوالے سے آپ کو پتہ لگے گا۔ پہچان والنٹیئر پروگرام کا آغاز گزشتہ سہ ماہی میں ہوا ہے اور اس میں کمپنی کے تمام اسٹاف نے اپنی سہولت کے مطابق شرکت کرنی ہے۔ پروگرام کے بارے میں تفصیل انٹرانیٹ پورٹل پر پہچان والنٹیئر پروگرام کے نام سے موجود ہے۔

ہمقدم کا آغاز سال 2012 میں ہوا تھا اور یہ میگزین اس وقت سے مسلسل آپ سے رابطہ رکھے ہوئے۔ اس شمارے میں ہم ہمقدم میگزین کے بارے میں ایک سروے کر رہے ہیں۔ آپ سے دوخواست ہے کہ اس میں بھرپور حصہ لیں تاکہ آپ کے میگزین کو مزید بہتر کیا جا سکے۔

آپ سروے فارم کو بھر کر بذریعہ ڈاک یا فوٹو کھینچ کر واٹس اپ یا ای میل کے ذریعے دیئے گئے پتے پر ارسال کر سکتے ہیں۔

ایڈیٹر۔ عبدالغنی
abdul.ghani@ici.com.pk
Tel: 021-32318148, 32314646
Cell: 0300-8238751

ہمقدم ایک سہ ماہی رسالہ ہے جو آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹاف کیلئے شائع کیا جاتا ہے۔ رسالہ میں شامل کسی بھی آرٹیکل کی اشاعت یا استعمال کیلئے اجازت لینا ضروری ہے۔

برائے رابطہ:
کارپوریٹ کمیونیکیشنز اینڈ پبلک افیئرز ڈیپارٹمنٹ
آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، 5 ویسٹ وہارف، کراچی 74000
ccpa.pakistan@ici.com.pk

پہچان والنٹیئر پروگرام

# شجرکاری مہم ۔ اربن فارسٹ

پہچان والنٹیئر پروگرام کے تحت کراچی میں سب سے پہلی سرگرمی شجرکاری مہم کی ترتیب دی گئی جو کہ اربن فارسٹ پارک کلفٹن میں منعقد کی گئی۔ ہیڈ آفس میں کارپوریٹ، لائف سائنسز اور کیمیکلز بزنس کے والنٹیئر ز نے اس شجرکاری مہم میں حصہ لیا، چیف ایگزیکٹو آصف جمعہ اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ اربن فارسٹ پارک میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے والینٹیئر ز نے کراچی کے وہ نایاب پودے لگائے گے جواب بہت مشکل سے نظر آتے ہیں۔

3 اگست کو ہیڈ آفس سے تقریباً 50 والنٹیئر ز اربن فارسٹ پہنچ گئے۔ کچھ نے تو اپنی فیمیلیز کو بھی وہیں بلا لیا تھا۔ سب سے پہلے اربن فارسٹ پارک منصوبے کے بانی شہزاد قریشی نے تمام شرکاء کا ان کی آمد پر اور پارک میں شجرکاری مہم میں ان کا ساتھ دینے پر شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد انھوں نے تفصیل سے منصوبے کے بارے میں بتایا۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی آصف جمعہ نے شہزاد قریشی کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ آج ہم یہاں اس لئے آئے ہیں کہ آپ کا ساتھ دیں اور آپ کے کام میں اپنا حصہ ڈالیں، کراچی میں اب درخت اور خاص طور سے وہ مقامی درخت جو آپ اس پارک میں لگا رہے ہیں نایاب ہو چکے ہیں۔ ہم سب کو اور کراچی کے نوجوانوں کو یقیناً ان مقامی درختوں کو دیکھ کر بہت خوشی ہوگی اور جنگلی حیات کو بھی پروان چڑھنے کا موقع ملے گا۔































واضح رہے کہ کراچی میں گزشتہ چند سالوں میں بڑھتی ہوئی گرمی کی وجہ درختوں کا کٹنا ہے کیونکہ درخت ماحول کو انسان دوست بنانے میں مشینوں سے زیادہ اچھا کام کرتے ہیں۔ ماہرین کی رائے ہے کہ اگر جلد ہی ہم نے درختوں پر توجہ نہ دی تو آنے والے موسم گرما گرم سے گرم تر ہوتے چلے جائیں گے جس میں ایئر کنڈیشنرز بھی کام کرنا چھوڑ دیں گے۔

تقاریر کے بعد تمام شرکاء کو ایپرن اور پودے دیئے گئے تا کہ وہ اپنی اپنی مخصوص جگہ پر لگا سکیں۔ ہر پودے کے ساتھ پودے کے نام کی تختی اور اس کا نمبر کنندہ تھا۔ شرکاء نے پوری سرگرمی میں بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور اپنی یادگار تصاویر بنوائیں۔






























Urban Forest
Tree Plantation Drive


OUR SUPPORTERS
ITNA
Murtaza
Wahab
Genevieve
Hussain
Rehan
Allahwala
THINK GREEN
KEEP CALM and PLANT A TREE

# سٹی کورٹ بار لائبریری

## کتابوں کا عطیہ





کتابیں علم کا خزانہ ہوتی ہیں خاص طور سے ایسی کتابیں جن میں مقدمات کی تفصیلات اور فیصلے نقل کئے جاتے ہیں تا کہ نئے آنے والے قانون کے طالب علم اور وکلاء ان فیصلوں کا مطالعہ کر کے اپنے مؤکل کے مقدمے کی عمدہ طریقے سے پیروی کر سکیں اور ماضی میں دیئے گئے فیصلوں کو بطور حوالہ عدالت کے روبرو پیش کر سکیں۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے لیگل ڈیپارٹمنٹ میں پاکستان لاء ڈائجسٹ (پی ایل ڈی) کی کافی بڑی تعداد موجود تھی لیکن ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ کی بدولت اب یہ تمام کتابیں کمپنی کے لئے قابل استعمال نہیں رہیں۔ لیکن ان کی اہمیت مقامی عدالتوں میں پیش ہونے والے وکلاء کیلئے ابھی بھی بہت اہم ہے۔ کراچی کی سٹی کورٹ بار کی انتظامیہ نے اپنے ممبران کیلئے لائبریری بنائی ہے جس سے بار کے 14 ہزار سے زائد وکلاء استفادہ حاصل کرتے ہیں چنانچہ کمپنی نے یہ فیصلہ کیا یہ کتابیں سٹی کورٹ بار کی لائبریری کو عطیہ کر دی جائیں۔

کمپنی کی جانب سے لیگل کونسل لیلہ باوانی بھانے ایک سادہ سی تقریب میں یہ کتابیں جن کی تعداد تقریباً 500 ہے سٹی کورٹ بار کے جنرل سیکریٹری کے حوالے کیں۔ اس موقع پر بار کے دیگر ممبران بھی موجود تھے بار کے جنرل سیکریٹری نے اس موقع پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے پاکستان لیگل ڈائجسٹ کے پرانے ایڈیشنز کے عطیہ پر بار کی جانب سے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ یہ یقیناً ہمارے ممبران کیلئے فائدہ مند ثابت ہوں گی۔

# ہیڈ آفس میس کی تزئین و آرائش





آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی کراچی میں قائم ہیڈ آفس بلڈنگ کا افتتاح 30، دسمبر 1954 کو ہوا۔ وقت کے ساتھ ساتھ بلڈنگ میں تبدیلیاں آتی رہیں۔ گزشتہ دنوں ہیڈ آفس کے میس کی نئے سرے سے تزئین و آرائش کی گئی ہے۔ اس کی ایک وجہ تو اسٹاف میں اضافہ کی وجہ سے مزید گنجائش نکالنا تھا دوسری میس کو ایک نئی شکل بھی دینا تھا۔ ذوقِ نظر اور آرائش کی خوبصورتی نے میس کے ماحول کو بہت عمدہ بنا دیا ہے۔





آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن

# روشن لیاری پروگرام

آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے لیاری کی نوجوان لڑکیوں اور خواتین کیلئے 3 ماہ اور 6 ماہ دورانئے کے ایم ایس آفس، فیشن ڈیزائننگ اینڈ ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ بیوٹیشن اینڈ میک اپ کورسز کرائے گئے۔ان کورسز کا آغاز یکم مارچ سے ہوا اور جبکہ بیوٹیشن اینڈ میک اپ کورس جو کہ 6 ماہ کے دورانئے کا تھا اس کا اختتام ماہ اگست میں ہوا۔ان تمام کورسز میں 60 سے زائد لیاری کی طالبات نے حصہ لیا جو کہ اپنی پڑھائی کے ساتھ ساتھ اپنے اندر ہنرمندی کی صلاحیت بھی پروان چڑھا رہی ہیں۔تمام طالبات کیلئے تقریب تقسیم اسناد 27 ستمبر کے دن ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، لیاری میں رکھی گئی جس میں فیشن ڈیزائننگ اینڈ ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ کی منتخب طالبات کو کورس کی کامیاب تکمیل پر آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کی جانب سے سلائی مشینیں بھی دی گئیں تاکہ وہ اپنا خود کا کاروبار شروع کرسکیں۔اس کے ساتھ ساتھ بیوٹیشن اینڈ میک اپ کلاس کی تمام طالبات کو میک اپ کٹ دی گئی تاکہ وہ بھی اپنا کام شروع کرسکیں۔

> "اپنی محنت کی کمائی کا الگ ہی نشہ ہوتا ہے۔ اس سے میری خوداعتمادی میں بھی بہت اضافہ ہوا"۔
> نوال زاہد حسین

فیشن ڈیزائننگ کی طالبہ انیلا علی محمد کا کہنا تھا کہ "میں نے سینٹر میں آکر بہت کچھ سیکھا ہے۔گزشتہ عید پر جب میں نے اپنی والدہ اور بہنوں کے کپڑے سیئے تو انھیں بے حد خوشی ہوئی۔اس کے علاوہ میں نے اپنے علاقے کی خواتین کے بھی کپڑے سئے جس سے تقریباً 3 ہزار روپے کی آمدنی ہوئی۔یہ 3 ہزار روپے کما کر مجھے جو خوشی محسوس ہوئی وہ میں الفاظ میں بیان نہیں کرسکتی۔ان پیسوں میں سے میں نے گھر کے اخراجات میں بھی اپنا حصہ ڈالا اور اپنی بہنوں اور اپنے لئے ضرورت کی کچھ چیزیں بھی خریدیں، اس سے پہلے ہمیں اپنی ضرورت کی ہر چیز کیلئے والدین کی طرف دیکھنا پڑتا تھا۔ اب مجھے سلائی مشین بھی مل گئی ہے جس سے میری مستقل آمدنی کا ذریعہ بھی بن جائیگا"۔

> "لیاری کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے ایک خصوصی پروگرام 'روشن لیاری' شروع کیا ہے۔آج کی یہ تقریب اس روشن لیاری کی ایک جھلک ہے۔جب میں ان بچیوں کے چہروں کو کامیابی کی خوشی سے دمکتا ہوا دیکھتا ہوں تو مجھے یہ اطمینان ہوتا ہے کہ ہم لیاری کیلئے کچھ کررہے ہیں"۔
> عبدالغنی

بیوٹیشن اور میک اپ کلاس کی طالبہ نوال زاہد حسین کا کہنا تھا کہ گزشتہ دنوں عیدوں اور اس کے بعد شادیوں کے سیزن میں، میں نے پیڈی کیور اور مینی کیور اور میک اپ کے ذریعے 5 سے 6 ہزار روپے کمائے اپنی محنت کی کمائی کا الگ ہی نشہ ہوتا ہے۔اس سے میری خوداعتمادی میں بھی بہت اضافہ ہوا۔میرے والد اور بھائی مزدوری کرتے ہیں۔ہمارا خاندان 10 افراد پر مشتمل ہے اور ہمارا گزارا بڑی مشکل سے ہوتا ہے میں اپنے اس ہنر کی بدولت، اپنے خاندان کی مشکلات میں کمی لاسکتی ہوں۔

تقریب اسناد کے مہمان خصوصی مشہور ماڈل اور میک اپ آرٹسٹ واجد خان تھے۔بیوٹیشن اینڈ میک اپ کلاس کی تمام طالبات نے اپنے اپنے ماڈل تیار کئے تھے۔جنھوں نے پہلے تو کیٹ واک کی اور پھر واجد خان اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ناہید عامر (جیا) لیڈیز سیلون کنسلٹنٹ پر مشتمل ججز کی ٹیم نے ان طالبات کی اپنے ماڈل پر سیکھے ہوئے ہنر کے عملی مظاہرے کا جائزہ لیا اور پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والی میک اپ آرٹسٹ نوال زاہد حسین، اقراء پروین نثار احمد اور شاہینہ پروین ندیم احمد کا اعلان کیا۔اس موقع پر واجد خان نے تمام طالبات کو میک اپ کے حوالے سے ٹپس دیئے اور اعلان کیا کہ وہ رضاکارانہ طور پر مہینے میں ایک دن آکر ان طالبات کی کلاس لیں گے اور ان کو مختلف میک اپ کے جدید طریقے سکھائیں گے۔واجد خان نے بیوٹیشن اینڈ میک اپ اور فیشن ڈیزائننگ اینڈ ہاؤس ہولڈ ٹیلرنگ کلاس کی پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والی طالبات کو اپنے ادارے کی جانب سے بھی تحائف دیئے۔

> "ہم لیاری کی روشنیاں واپس لانا چاہتے ہیں اور لیاری کے خراب تاثر کر بدلنا چاہتے ہیں"۔
> عبدالطیف ڈورائی











سندھ اسکلز ٹیک ڈیولپمنٹ سینٹر کے روح رواں عبدالطیف ڈورائی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لیاری کراچی کے پسماندہ علاقوں میں ایک ہے جہاں سب سے زیادہ روزگار کے مسائل ہیں۔تعلیم صحت اور صفائی کا فقدان ہے۔معیاری تعلیم اور روزگار نہ ہونے کی وجہ سے بدامنی اور سماجی جرائم پروان چڑھتے ہیں۔

سندھ اسکلز ٹیک ڈیولپمنٹ لیاری کے بچوں اور بچیوں کیلئے مثبت اور بامقصد ہنرمندی کے مختلف پروگرامز گزشتہ دو سال سے چلا رہا ہے اور اب ہمارے بچے اپنے پیروں پر کھڑا ہونا شروع ہو گئے۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن کا بے حد مشکور ہوں کہ جنھوں نے ہمیشہ میرے ساتھ تعاون کیا ہے

> "اس سے پہلے ہمیں اپنی ضرورت کی ہر چیز کیلئے والدین کی طرف دیکھنا پڑتا تھا۔اب مجھے سلائی مشین بھی مل گئی ہے جس سے میری مستقل آمدنی کا ذریعہ بھی بن جائیگا"۔
>
> انیلا علی محمد

اور خاص طور سے ان بچیوں کیلئے جو فیشن ڈیزائننگ اور بیوٹیشن کے کورس کروائے ہیں۔میں یقین کے ساتھ کہہ رہا ہوں کہ ان دونوں کورسز کی تمام 40 کی 40 لڑکیاں اب اپنا خود کا کام شروع کر رہی ہیں۔ہم لیاری کی روشنیاں واپس لانا چاہتے ہیں اور




لیاری کے خراب تاثر کر بدلنا چاہتے ہیں۔اگر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ جیسے ادارے ہمارا ساتھ دیں گے تو یقیناً ایک دن ہم اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوں گے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے عبدالغنی نے کہا کہ آئی سی آئی پاکستان فاؤنڈیشن اپنے پروگرام علم و ہنر کے ذریعے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ابھارنا چاہتی ہے خاص طور سے ان علاقوں میں جہاں تعلیم کا فقدان اور معیار کا مسئلہ ہے جس کے نتیجے میں ہمارا نوجوان طبقہ ناپسندیدہ، غیر سماجی اور جرائم پیشہ سرگرمیوں میں ملوث ہو جاتا ہے ہم چاہتے ہیں کہ ان نوجوان طلباء و طالبات کو ہنر سکھائیں تاکہ وہ معاشرے میں اپنا مثبت کردار ادا کرسکیں۔لیاری کے حوالے سے ہم نے ایک خصوصی پروگرام روشن لیاری شروع کیا ہے۔آج کی یہ تقریب اس روشن لیاری کی ایک جھلک ہے۔جب میں ان بچیوں کے چہروں کو کامیابی کی خوشی سے دمکتا ہوا دیکھتا ہوں تو مجھے یہ اطمینان ہوتا ہے کہ ہم لیاری کیلئے کچھ کررہے ہیں۔روشن لیاری پروگرام کیلئے میں عبدالطیف ڈورائی اور ان کی ٹیم کا بے حد مشکور ہوں کہ انھوں نے اس کو کامیاب بنانے میں بہت محنت کی۔




بقیہ صفحہ نمبر 23

کارپوریٹ

# یومِ آزادی

یوم آزادی کے تقریبات کے حوالے سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے تمام آفیسز اور پلانٹس پر بڑا جوش وخروش دیکھنے میں آیا۔ تمام آفیسز اور پلانٹس کو پاکستان کی جھنڈیوں اور رنگ برنگی اشیاء سے سجایا گیا تاکہ آزادی کی خوشی کا اظہار ہو سکے۔ مختلف جگہوں پر پاکستان کی تاریخ کے حوالے سے کوئز پروگرام بھی کروائے گئے۔

اس کے علاوہ مختلف جگہوں پر آزادی ناشتے کا بھی اہتمام کیا گیا تھا جس کو تمام ایمپلائیز نے بے حد سراہا۔

جشنِ آزادی کی تصویری جھلکیاں پیش خدمت ہیں۔


ہیڈ آفس

























انیمل ہیلتھ پلانٹ









سرن فارما













کھیوڑہ

















مزنگ آفس













شیخوپورہ









# حادثات کی تحقیق پر ورکشاپ

سیفٹی ،ہیلتھ،انوائرمنٹ اور سیکورٹی کمپنی کے سیفٹی منیجمنٹ نظام کا ایک اہم حصہ ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا ٹریننگ پروگرام صحت،تحفظ اور ماحولیات کے بارے میں خدشات پر توجہ مرکوز کرتا ہےاور کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے بہترین طریقے کا تعین کرتا ہے۔ ہمارا ٹریننگ پروگرام ایمپلائز کو اپنی جاب کی ذمہ داریاں سمجھنے، کام کی جگہ پر نئے آئیڈیاز پیش کرنے ،موجودہ طریقہ کار کو دوبارہ نافذ کرنے اور ہمارے تحفظ، صحت اور ماحولیات کے اہداف کو عملی جامہ پہنانے کے بارے میں ہوتا ہے۔

حادثات کی تحقیق کا مقصد واقعہ کی وجوہات کا پتہ لگانا، غیر محفوظ صورتحال یا عمل کا پتہ لگانا اور درست کارروائی کرنا ہے تا کہ دوبارہ اس قسم کا واقعہ نہ پیش آئے۔ کارپوریٹ ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے پولیسٹر اور سوڈا ایش لاہور کی ٹیموں کیلئے حادثات کی تحقیق پر ایک ورکشاپ 25اور 26 ستمبر 2018 کو لاہور میں منعقد کیا۔ اس ورکشاپ کا بڑا مقصد حادثات کی تحقیق کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ،شدید نوعیت کے حادثات کی تحقیق کیلئے طریقۂ کار کا استعمال، بنیادی اور دیگر وجوہات کی نشاندہی کرنا، ان حادثات اور ان سے تحفظ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا تھا۔ اس ورکشاپ میں شرکاء نے بڑی دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور ان کا کہنا تھا کہ ہم آئے دن مختلف طرح کے حادثات کے بارے میں دیکھنے اور سنتے رہتے ہیں لیکن ان کی وجوہات سے عام لوگ آگاہ نہیں ہوتے۔ اس ورکشاپ کی بدولت ہمیں حادثات کی وجوہات اور ان کی تحقیق کے بارے میں آگاہی ہوئی ہے۔ ہمارے محفوظ رویے ہم کو حادثات سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔



# پولیسٹر ایمپلائز یونین الیکشن 2018

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر پلانٹ پر یونین الیکشن برائے سال 20-2018 کیلئے تمام گروپس نے باہمی رضا مندی سے پلانٹ آپریٹر محمد عنصر کو چیف الیکشن کمشنر اور ان کی معاونت کیلئے محمد سعید اور عابد محمود کو بطور ممبر الیکشن کمیشن نامزد کیا۔

چیف الیکشن کمشنر نے بذریعہ نوٹس 30 جون 2018 کو الیکشن کے انعقاد کا اعلان کیا۔ انتخاب کی تاریخ سے دو ہفتے قبل ہی کارکنوں میں بڑی گہما گہمی تھی حسبِ روایت تینوں سیاسی گروپس مزدور اتحاد گروپ، انقلاب گروپ اور آزاد امیدواروں نے سودا کاری یونین کیلئے اپنے اپنے امیدوار نامزد کئے اور الیکشن کمیشن کے مقرر کردہ شیڈول کے مطابق ورکرز کے ساتھ میٹنگز کیں۔

آخر کار مورخہ 18 جولائی 2018 الیکشن کا دن آن پہنچا۔ اس دن ایک الگ ہی ماحول تھا ۔ تینوں سیاسی جماعتیں اپنے اپنے امیدواروں کو ووٹ ڈلوانے کیلئے ورکرز کو قائل کرتے رہے۔ صبح 7 بجے سے لے کر سہ پہر 4 بجے تک پولنگ کا سلسلہ جاری رہا جس کے بعد الیکشن کمیشن نے ووٹوں کی گنتی کرنے کے بعد شام 6 بجے الیکشن کے نتائج کا اعلان کیا۔ جس کے مطابق کل 12 نشستوں میں سے مزدور اتحاد گروپ نے 11 نشستیں حاصل کیں جبکہ ایک نشست پر پاور جن پلانٹ سے آزاد امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہوا۔ اس الیکشن میں محمد عمران شہر یار بطور صدر اور راجہ خلیل الرحمٰن بطور جنرل سیکرٹری مزدور اتحاد گروپ کی طرف سے کامیاب ہوئے۔





# تعارفی میٹنگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین (CBA) کے سیشن 20-2018 کیلئے منتخب ہونے والے عہدیداروں نے 8 اگست 2018 بروز بدھ مین کانفرنس روم میں منیجمنٹ کے ساتھ تعارفی ملاقات کی۔ جس میں تمام یونین عہدیداران، ورکس منیجر خالد محمود اور ایچ آر ٹیم نے شرکت کی۔ ورکس منیجر خالد محمود نے تمام یونین عہدیداران کو منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ اس کے بعد تمام یونین عہدیداران نے اپنا مختصر تعارف کروایا۔ میٹنگ کے دوران اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ایک ٹیم کی حیثیت سے اس بزنس کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مِل جُل کر کام کریں گے۔





# کوالٹی کی طرف ایک قدم اور ISO 9001-2015

رپورٹ: معراج احسن قریشی (ٹریننگ آفیسر)

کسی بھی انڈسٹری کیلئے کوالٹی ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ کوالٹی واحد پیمانہ ہے جس سے کسٹمر کا اعتماد بحال کیا جا سکتا ہے۔ پروڈکٹ کا معیار ایک اہم مسابقتی مسئلہ بنتا جا رہا ہے۔ پروڈکٹ کوالٹی کے معیار کو مسلسل بہتر بنانے کا مطلب ہے کہ کمپنی بہتر کام کر رہی ہے اور ورکرز کا بھی خیال رکھ رہی ہے اس کے ساتھ ساتھ مارکیٹ میں بھی اپنا نام بہتر بنا رہی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے پولیئسٹر فائبر بزنس نے ہمیشہ سے اپنی پروڈکٹ کوالٹی کو بہتر بنانے کی کوشش کی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مارکیٹ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے نئے پروڈکٹ بھی بنائے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے کوالٹی منجمنٹ سسٹم ISO 9001, 2015 کا آڈٹ کامیابی سے پورا کیا جس کا سرٹیفکٹ بھی وصول ہو چکا ہے۔ ISO 9001-2015 پر معیار زیادہ مشکل ہے جیسا کہ یہ معیار تمام سیکشنز کو کور کر رہا ہے یہ تمام کام کسی ایک فرد کا نہیں بلکہ پوری پولیئسٹر ٹیم کی محنت اس میں شامل ہے جس کو HSE مینیجر محمد عمران مقصود اور ان کی ٹیم نے کیا۔ HSE مینیجر محمد عمران مقصود نے اضافی ذمہ داری کے ساتھ ISO کے منیجمنٹ کے نمائندے کا بھی کردار ادا کیا جبکہ ٹریننگ آفیسر معراج احسن قریشی نے ISO رابطہ کار کا کردار ادا کیا۔

اس معیار کو حاصل کرنے کیلئے پلانٹ کے تمام ISO رابطہ کار کی ٹریننگ کروائی گئی اس کے ساتھ ساتھ میٹنگ بھی کی گئی تا کہ ISO کے حوالے سے تمام دستاویزات کو نئے معیار پر بخوبی مکمل کیا جا سکے۔ ٹیم پولیئسٹر نے آڈٹ میں بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور آڈٹ کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ ٹیم پولیئسٹر کی کارکردگی کو سراہنے کیلئے HSE & Training ڈیپارٹمنٹ نے ڈیفنس سروسز آفیسر میس میں کھانے کا اہتمام کیا۔

05 ستمبر 2018 کو ٹیم پولیئسٹر ڈیفنس سروسز آفیسر میس میں ایک تقریب منعقد کی گئی جس کا آغاز HSE & Training منیجر محمد عمران مقصود نے کیا انہوں نے پہلے سب کو ISO کیلئے نئے معیار ISO 9001-2015 کے حصول پر تمام ٹیم کو مبارکباد دی اور اسی محنت کو جاری رکھنے پر زور دیا۔ تمام مینیجر نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا اور بعد ازاں ٹیم پولیئسٹر کو سرٹیفیکٹ سے نوازا گیا۔









# کوالٹی ویک

رپورٹ : حافظ عبدالمعید

## ایڈورڈ ڈیمنگ کا ایک مشہور قول ہے کہ " کوالٹی سب کی ذمہ داری ہے"

کوالٹی ہی کسی بھی کاروبار کی کامیابی کی ضمانت ہے اور بہترین کوالٹی پراڈکٹ صرف اس صورت میں ہی بن سکتی ہے جب ہم سب مل کر کوالٹی پر کام کریں اور ہم میں سے ہر ایک اس کی ذمہ داری لے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جس طرح آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں سالانہ سیفٹی ویک منانے کی روایت قائم ہے اسی طرح آئی سی آئی پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر پلانٹ پر کوالٹی ویک منانے کا آغاز کیا گیا۔ کوالٹی ویک کے دوران ہر دن کے لئے ایک مخصوص موضوع رکھا گیا۔ کوالٹی ویک کا بنیادی مقصد ہر اس شخص کو بھی کوالٹی کی اہمیت واضح کرنا تھا جس کا تعلق پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ سے نہیں تھا۔ کوالٹی ویک کے انعقاد کے لئے ایک مخصوص ٹیم تشکیل دی گئی جس نے کوالٹی کے ہر پہلو کو جانچنے کے بعد کوالٹی کے چار بنیادی نکات کو الگ کیا اور ان چار بنیادی نکات پر کوالٹی ویک کو منعقد کیا گیا۔

## "ہمارا وعدہ کوالٹی"

کوالٹی ویک کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ٹیم نے دن رات محنت کی اور تشہیری مہم کا آغاز پہلے ہی سے کر دیا گیا۔ پلانٹ پر مختلف جگہوں پر کوالٹی کے بینرز آویزاں کئے گئے اور جگہ جگہ کوالٹی سلوگن لگائے گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ خاص قسم کے بورڈ تیار کروائے گئے جن میں پراڈکٹ کو کوالٹی کے ساتھ بنانے کا طریقہ واضح کیا گیا۔ اس کے علاوہ کوالٹی پراڈکٹ کی تشہیری ویڈیو بھی بنائی گئی، جس میں سہیل اسلم خان ( وائس پریذیڈنٹ پولیسٹر اینڈ سوڈا ایش ) سے لے کر کنٹریکٹر اسٹاف تک ہر کسی کے خیالات کو شامل کیا گیا۔ اسپیشل کوالٹی ڈائریز اور بیجیز بنائے گئے اور انہیں تمام اسٹاف میں تقسیم کیا گیا۔ ہر سیکشن میں گروپوں کے، کے پی آئی (KPIs) کو آویزاں کیا گیا جس میں گروپوں کی کارکردگی کو دکھایا گیا۔ کوالٹی ویک کو چار دنوں میں تقسیم کیا گیا اور اس کے انعقاد کے لئے ایک بہترین اسٹیج Baler-2 کے سامنے لگایا گیا اور اسے بہت اچھے طریقے سے سجایا گیا۔ کوالٹی ویک کا (مرکزی خیال ) اور نعرہ تھا۔

### سرگرمیاں:

کوالٹی ویک کو بہتر سے بہترین بنانے کے لئے ٹیم نے دن رات سخت محنت کی اور ہر دن کے لئے مختلف سرگرمیوں کو شامل کیا گیا جس میں روزانہ کی بنیاد پر کوالٹی کوئز، کوالٹی نعرہ، سپاٹ کوئز اور ایمپلائز کے بچوں کے لئے کوالٹی سے متعلقہ آرٹ کا مقابلہ کرایا گیا۔ بچوں نے آرٹ مقابلے میں بہت دلچسپی سے حصہ لیا بہترین تصاویر بنا کر بھیجیں، جنہیں کوالٹی نمائش میں آویزاں کیا گیا اور اُن تصاویر کو ہمارے ججوں نے جانچ کر تین بہترین تصاویر کا انتخاب کیا اور اُن میں سے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن میں آنے والی تصاویر کو انعامات سے نوازا گیا، جسے لوگوں نے بہت پسند کیا۔ روزانہ کی بنیاد پر اور موقع پر موجود سوالات کے جوابات دینے والوں میں مختلف انعامات تقسیم کئے جاتے۔ ہماری ٹیکنیکل ٹیم نے اسپنگ مل کا دورہ کیا اور ایک رپورٹ مرتب کی جسے کوالٹی ویک میں ویڈیو کی شکل میں دکھایا گیا۔ اس ویڈیو میں لوگوں کو دکھایا گیا کہ کس طرح ہمارے پراڈکٹ کی کوالٹی اسپنگ ملز میں اثر انداز ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کوالٹی ویک کی ٹیم، ٹیکنیکل ٹیم اور لیبارٹری کی ٹیم نے مل کر کوالٹی کی نمائش لگائی جس میں لوگوں نے ہماری پراڈکٹ کے ٹیسٹوں کے متعلق تفصیل سے بیان کیا اور دکھایا گیا جسے لوگوں نے بہت سراہا۔


اسی دوران وسیم احمد قریشی (پروڈکشن مینجر، پولیسٹر)، گل زمان خان (ڈپٹی ٹیکنیکل مینجر، پولیسٹر)، خرم شہزاد (پلانٹ مینجر فائبر، پولیسٹر) اور نبیل علی (ڈویلپمنٹ مینجر فائبر، پولیسٹر) کے علاوہ احسن حفیظ (لیباٹری مینجر، پولیسٹر) نے بھی کوالٹی کے بارے میں اپنے خیالات اور تجربات کا اظہار کیا کہ کس طرح کوالٹی ہمارے پراڈکٹ اور کاروبار پر اثر انداز ہوتی ہے۔














## اختتامی تقریب:

کوالٹی ویک کے آخری دن ایک خوبصورت اور رنگا رنگ اختتامی تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں کوالٹی ویک کے دوران منعقد کے گئے مختلف مقابلوں میں جیتنے والوں کو انعامات دیئے گئے۔اس کے علاوہ سال 2016-2017 میں "بہترین گروپ کارکردگی کا ایوارڈ" فائبر گروپ سی" کو دیا گیا۔ یہ ایوارڈ سید شوزب رضا (شفٹ مینجر فائبر، پولیسٹر) سمیت تمام گروپ سی کی ٹیم نے خالد محمود (ورکس مینجر، پولیسٹر) سے تالیوں کی گونج میں وصول کیا۔اس کے بعد آخر میں اُنھوں نے کوالٹی ویک کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا اور آنے والوں دنوں میں جیسے ہم اپنی نئ پراڈکٹ Anti Microbial, Reprev اور اسی طرح کے دوسرے Colourd Variants بنانے جا رہے ہیں اور اس کے لئے ہمیں مارکیٹ میں مقابلے کے لئے کوالٹی پر بہت زیادہ توجہ دینی ہوگی اور اس میں یہ کوالٹی ویک بہت مددگار ثابت ہوگا۔اور میں کوالٹی ویک منانے والی تمام ٹیموں سے امید کرتا ہوں کہ وہ آنے والے ہر سال میں اس روایت کو جاری رکھیں گے۔

بلاشبہ کوالٹی ویک ایک بہت کامیاب پروگرام تھا جو کہ نہ صرف کوالٹی پر فوکس بڑھانے کا ذریعہ بنا بلکہ کوالٹی ویک کی بدولت پولیسٹر کی ٹیم کے اندر مارکیٹ میں بہتر سے بہترین ہونے کا جذبہ بھی پیدا کیا۔

# فرسٹ ایڈ اور فائیر فائٹنگ ٹرینگ











حادثات کہیں بھی اور کسی بھی جگہ ہو سکتے ہیں یہ حادثات کام کرنے کے دوران بھی ہو سکتے ہیں، ڈرائیونگ کے دوران اور کسی کی لا پرواہی سے بھی ہو سکتے ہیں۔

ایسے میں دوسروں کی جان بچانا اولین ترجیح ہونی چاہیے اس لئے فرسٹ ایڈ ٹریننگ ہونا لازمی ہے۔حادثات کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایچ ایس ای اور ٹریننگ ڈیپارٹمنٹ نے ریسکیو 1122 کے اشتراک سے دو روزہ فرسٹ ایڈ فائیر فائٹنگ اور بیسک لائف سیونگ تکنیک پر ٹریننگ کروائی ۔اس ٹریننگ میں مینجمنٹ اور نان مینجمنٹ اسٹاف نے ہر سرگرمی میں حصہ لیا۔کلاس روم ٹریننگ کے علاوہ پریکٹیکل ٹریننگ بھی کروائی جس میں مریض کو خطرہ سے بچانا اور باحفاظت ایمبولینس تک پہنچانا شامل تھا بعد ازاں فائیر فائیٹر کے ساتھ آگ بجھانے کے مختلف طریقوں پر بھی پریکٹیکل ٹرینگ کروائی گئی۔



# بے مثال سنگ میل۔ زیرو بینک ڈاؤن

## بہترین ٹیم ورک

رپورٹ: حافظ عبدالمعید

ویسٹ: جیسا کہ لفظ سے ہی ظاہر ہے کہ ضائع کرنا۔ سادہ انداز میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ جیسے آپ اپنی جیب سے پیسے نکال کر باہر پھینک رہے ہیں اور خود اپنے ہاتھوں سے اپنا نقصان کر رہے ہیں اسی لئے کسی بھی صنعتی ادارے میں پروڈکشن ٹیم کے لئے ویسٹ کو کم کرنا ایک بہت بڑا چیلنج ہوتا ہے کیونکہ یہ کسی بھی کاروبار کی کارکردگی پر ڈائریکٹ اثرانداز ہو رہا ہوتا ہے۔ اسی طرح ہمارے پلانٹ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر میں فائبر ڈیپارٹمنٹ کے سپنگ سیکشن میں ویسٹ بننے کی اور پروڈکشن میں کمی کی Bank Down ایک بہت بڑی وجہ ہے۔ بینک کا ڈاؤن ہونا کسی بھی وجہ سے ہوسکتا ہے مثلاً انسانی غلطی یا مشین کا فیل ہونا مگر دونوں ہی صورتیں پلانٹ کے لئے ایک ناخوش گوار موقع ہوتا ہے اسی لئے ہماری ٹیم دن رات محنت کرتی ہے اور آپس میں ایک دوسرے کے تعاون سے پلانٹ کی بہترین کارکردگی کے لیے کوشاں رہتی ہے تاکہ ایسی صورتحال پلانٹ پر کم سے کم پیدا ہو۔

سی پی سپنگ تین بینکوں پر مشتمل ہے بینک چار، پانچ، چھ اور بیچ سپنگ بھی تین بینکوں پر مشتمل ہے بینک ایک دو اور تین۔ پچھلے سال (2017-2018) میں ہمارے سپنگ سیکشن میں گروپ (B) نے پورے سال بینک نمبر (4) اور مسلسل چھ ماہ بینک نمبر (5) کو ڈاؤن نہیں ہونے دیا جو کہ فائبر سیکشن میں اپنی نوعیت کا ایک منفرد ریکارڈ اور ٹیم ورک کی ایک بہترین مثال ہے۔ جس کے ذریعے صرف ویسٹ نہ بننے کی صورت میں کمپنی کو کم از کم (2.1Million) اکیس لاکھ کا فائدہ ہوا اس کامیابی پر ٹیم نے ایک تقریب کا انتظام کیا اور پلانٹ کے تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ کو بلایا اور ارسلان اکرم (شفٹ منیجر فائبر) نے اپنے گروپ کی پرفارمنس کو تمام لوگوں کے ساتھ شیئر کیا جس کے بعد گل زمان (ڈپٹی ٹیکنیکل منیجر) رضوان عزیز (انجینئرنگ منیجر) نے ٹیم کی کارکردگی کو کافی سراہا اور آخر میں خرم شہزاد (پلانٹ منیجر فائبر) نے










گروپ (B) کو مبارکباد دی اور گروپ کی کامیابی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور ساتھ ہی ساتھ دوسرے گروپوں کی بھی تقلید کرنے کو کہا اور آخر میں گروپ میں اچھی کارکردگی کی بنا پر بہترین پرفارمنس کی اسناد اور تحائف تقسیم کئے گئے۔

-مبارکباد ٹیم فائبر- شاباش فائبر ٹیم

# کوالٹی ٹیم ورک

رپورٹ: حافظ عبدالمعید

میں اپنی تحریر کا آغاز آئی سی آئی پولیسٹر بزنس کی روایت کو بیان کرتے ہوئے کروں گا۔ اپنے ایمپلائز کی کارکردگی کو اچھے طریقے سے سراہنا اور ان کے لئے تقریب کا اہتمام کرنا اور تحفے تحائف دینا یہ آئی سی آئی پولیسٹر کی پرانی روایت ہے اور ایسی روایت کا قائم رہنا ٹیم کی کارکردگی پر بھی اثرانداز ہوتا ہے اور ان کے اندر اور زیادہ محنت اور لگن سے کام کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے جیسا کہ میں نے اپنے پچھلے کالموں میں بھی NO BANK DOWN اور ویسٹ کا ذکر کیا تھا۔ جو کہ کوالٹی ٹیم ورک کے بغیر کسی صورت بھی ممکن نہیں ہے۔

سپنگ سیکشن کے اندر اگر کوئی گروپ 2 مہینے مسلسل کوئی بھی بینک ڈاؤن نہیں ہونے دیتا تو پولیسٹر فائبر مینجمنٹ کی طرف سے اس گروپ کے اعزاز میں پلانٹ سے باہر ایک تقریب کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں گروپ کی کارکردگی کو مینجمنٹ کی طرف سے سراہا جاتا ہے۔

ایسی ہی ایک تقریب کا اہتمام 17 اپریل 2018 کو سپنگ گروپ C جس کے منیجر عمر چشتی صاحب ہیں ان کے اعزاز میں لاہور کے ایک اچھے ہوٹل میں کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی خرم شہزاد پلانٹ منیجر فائبر اور شیراز الخطیب صاحب مکینیکل منیجر تھے اس کے علاوہ پہلی بار اس تقریب میں PACK ROOM اور SPIN FINISH AREA کے شفٹ سٹاف کو بھی بلایا گیا۔ سب نے اس پارٹی میں بہت انجوائے کیا۔ اس تقریب کی خاص بات یہ تھی کہ ہوٹل کی طرف سے سپنگ گروپ C کے اعزاز میں ایک کیک ان کے مغل درباری انداز میں ایک بڑی تلوار کے ساتھ شفٹ منیجر فائبر اور سپنگ ٹیم سے کٹوایا گیا۔ تقریب کے اختتام میں خرم شہزاد اور شیراز الخطیب نے گروپ کی کارکردگی کو سراہا اور ایسے ہی لگن اور محنت سے کام کرنے کو کہا اور سب نے عہد کیا کہ وہ ایسے ہی محنت سے کام کریں گے تاکہ آئی سی آئی پاکستان اور پولیسٹر بزنس ترقی کے منازل طے کرتی رہے۔

# گولاز و کیج کرکٹ ٹورنامنٹ

رپورٹ حافظ عبدالمعید:

ایک اچھی ٹیم کی خصوصیت میں سے ایک خاصیت اس کا آپس میں باہمی میل جول اور ٹیم ورک ہوتا ہے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس کی ٹیم اسطرح کی مختلف سرگرمیاں تسلسل کے ساتھ منعقد کرتی رہتی ہے۔

کچھ عرصہ پہلے وسیم احمد قریشی پروڈکشن منیجر پولیئسٹر نے کوگولاز و کیج کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد لاہور میں کیا اس ٹورنامنٹ کے انعقاد کرنے میں خرم شہزاد پلانٹ منیجر فائبرز، عثمان شریف ڈویلپمنٹ منیجر سروسز، سائمن پرویز شفٹ منیجر فائبرز اور حماد افضل بیگ ٹرینی انجینئر سروسز شامل تھے۔

یہ ایک 5 سائیڈ ٹورنامنٹ تھا جو کہ 4 ٹیموں پر مشتمل تھا جن کے کپتان وسیم احمد قریشی پرودکشن منیجر، گل زماں خاں ڈپٹی ٹیکنیکل منیجر رحمان علی خاں، پلانٹ منیجر سروسز اور نبیل علی ڈویلپمنٹ منیجر فائبرز تھے۔ ہر ٹیم بہت پرجوش تھی اور خواہش رکھتی تھی کہ کسی بھی طرح وہ اس ٹورنامنٹ کی ٹرافی جیت لیں۔ ٹورنامنٹ کے تمام میچز بہت زبردست ہوئے اور ہر کھلاڑی نے اپنی ٹیم کے لئے بہت زبردست کھیل پیش کیا اس ٹورنامنٹ کی ایک خاص بات محمد تنویر شفٹ منیجر فائبرز کی مزاحیہ کمنٹری تھی۔ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم گل زماں خاں کی تھی جو کہ ٹورنامنٹ کی سب سے اچھی ٹیم ثابت ہوئی اور کوئی بھی میچ نہیں ہاری۔ وسیم احمد قریشی نے فاتح ٹیم کو ٹرافی دی اور مین



آف دی میچ ٹورنامنٹ کا ایوارڈ حماد مسعود شفٹ منیجر سروسز کو ان کی بہترین کارکردگی پر دیا گیا۔

اس کے بعد لاہور کے اچھے ریسٹورنٹ میں ڈنر رکھا گیا جس کے مہمان خصوصی خالد محمود ورکس منیجر پولیئسٹر اور عدیل مرزا انجینئرنگ منیجر تھے جنہوں نے ٹیمز کو ریسٹورانٹ میں جوائن کیا۔







ڈنر کے دوران سائمن پرویز شفٹ منیجر فائبر سلمان مزمل شفٹ کوارڈینیشن مینجر اور سید شوزب رضا شفٹ منیجر سروسز نے بہترین میوزیکل پرفامنس دی اور سب نے ان کی موسیقی کو بہت سراہا اور سب نے کھیل کی تھکاوٹ کے بعد اس ڈنر کو بہت انجوائے کیا۔

# دین ٹیکسٹائل مینجمنٹ وزٹ پولیئسٹر پلانٹ

رپورٹ: حافظ عبدالمعید

آج کے اس جدید دور میں پولیئسٹر بزنس نے بے حد ترقی حاصل کی ہے اور اسے اب ٹیکسٹائل انڈسٹری میں ایک کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیئسٹر بزنس نے ہمیشہ اپنے کسٹمرز اور ان کی رائے کو بہت اہمیت دی ہے۔ آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ نے اپنی پراڈکٹ کو ہمیشہ کسٹمر کی خواہش کے مطابق بنانے کی کوشش کی ہے تاکہ ہمارے کسٹمر ہماری پراڈکٹ کو زیادہ ترجیح دیں اور مطمئن ہو کر استعمال کریں۔ اس کی ایک بنیادی وجہ ہمارے پراسس کی شفافیت ہے کیونکہ ہم اپنے پراسس کو تمام انٹرنیشنل سیفٹی سٹینڈرڈز اور ٹوٹل کوالٹی مینجمنٹ کے قوانین پر عمل پیرا ہو کر چلاتے ہیں اور یہی وجہ ہماری پراڈکٹ کوالٹی کی گواہی دیتی ہے اور اس بات کی بھی کہ جب بھی کوئی کسٹمر ہماری فیکٹری میں وزٹ پر آتا ہے تو وہ ہمارے پراسس اور ہاؤس کیپنگ کو دیکھ کر داد دیئے بنا نہیں رہتا۔

دین ٹیکسٹائل ملز ہمارا ایک بہت اچھا کسٹمر ہے۔ ان کی مینجمنٹ نے ہمارے پلانٹ پولیسٹر فائبر کا وزٹ کیا تھا دین ٹیکسٹائل ہماری پراڈکٹ بلیک فائبر (1.4 Denier & 1.2) کا کسٹمر ہے۔ جو کہ ہم سے ہر مہینے ایک معقول مقدار میں بلیک فائبر خریدتا ہے خرم شہزاد، پلانٹ منیجر فائبر دین ٹیکسٹائل مینجمنٹ کے ہمراہ تھے۔ دین ٹیکسٹائل کی مینجمنٹ نے ہمارے پلانٹ کی ہاؤس کیپنگ کی بہت زیادہ تعریف کی۔ انہوں نے ری کریشن روم کا بھی وزٹ کیا اور ہمارے اس کلچر کو بہت زیادہ سراہا کہ کس طرح سٹاف ایک دوسرے کے ساتھ گھل مل کر مختلف گیمز کھیلتے ہیں۔

اس کے بعد خالد محمود، ورکس منیجر پولیئسٹر اور وسیم احمد قریشی، پروڈکشن منیجر پولیئسٹر نے کسٹمر ٹیم کے ساتھ ایک میٹنگ رکھی جس میں ہمارے پروڈکٹ کی کوالٹی اور مارکیٹ کی رائے پر بات ہوئی۔



# ڈیفنسو ڈرائیونگ ٹریننگ

رپورٹ: معراج احسن، یاسر رفیق



عالمی اعداد وشمار کے مطابق سڑک پر غیر محفوظ طریقے سے گاڑی چلانے کی وجہ سے تقریباً سالانہ 1.3 ملین اور روزانہ 3287 افراد ہلاک ہوجاتے ہیں اس کے علاوہ سالانہ ہزاروں افراد زخمی ہوجاتے ہیں۔

اس اعداد وشمار کو مدِ نظر رکھتے ہوئے حادثات سے بچاؤ اور آگاہی کے لیے ہولیئسٹر بزنس میں اور مزنگ آفس میں موٹروے اور ہائی وے ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے ٹریننگ کروائی گئی جس میں مختلف حادثات اور ان سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا گیا اور اس بات پر زور دیا کی محفوظ ڈرائیونگ کرتے ہوئے اچھے شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

## بقیہ روشن لیاری ......



# مینگو پارٹی




آموں کے بارے میں غالب نے کیا خوب کہا کہ " آم ہوں اور بہت سارے ہوں" آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر بزنس میں ہر سال آم کے سیزن میں مینگو پارٹی کا انعقاد کیا جاتا ہے اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی کینٹین کمیٹی نے جولائی 2018 میں چار مختلف گروپس میں مینگو پارٹی کا انعقاد کیا تا کہ تمام ورکرز مینگو پارٹی سے لطف اندوز ہو سکیں۔ جس میں ورکرز کے علاوہ منیجمنٹ اسٹاف اور اپرنٹسز نے بھی بھرپور شرکت کی اور آم کے مزے سے خوب لطف اندوز ہوئے۔ آخر میں لسی کے ساتھ تواضع کی گئی۔







# تقریبِ تقسیمِ احرام



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، پولیسٹر بزنس میں سال 2018 کی حج قرعہ اندازی میں کامیاب ہونے والے خوش نصیب حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کرنے کے لئے مورخہ 24 جولائی 2018 بروز منگل ورکس کینٹین ہال میں ایک پُر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی خالد محمود ورکس منیجر پولیسٹر بزنس تھے۔

تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ کریم سے ہوا۔ اس کے بعد نعتِ رسول بہت ہی خوش الحانی کے ساتھ پڑھی گئی اور حجاجِ کرام میں احرام تقسیم کئے گئے۔ راجہ خلیل الرحمٰن جنرل سیکرٹری آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ پولیسٹر ایمپلائز یونین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس تقریب میں پولیسٹر بزنس کے یونین عہدیداران اور ورکرز نے بھرپور شرکت کی۔ آخر پر تمام ورکرز کی ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔








# ملک تجمل حسین
آف واڑہ بلند خان



میرا نام ملک تجمل حسین ہے۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں بطور سینئر مشین فیڈ، عرصہ 27 سال سے خدمات سرانجام دے رہا ہوں۔ میں نے 6 ستمبر 1991ء کو بطور ہیلپر مکینیکل اپنی نوکری کا آغاز کیا اور آج الحمداللہ گریڈ نمبر III میں کام کررہا ہوں۔

میں شادی شدہ ہوں۔ میرے دو بیٹے اور تین بیٹیاں ہیں۔ میرے بڑے بیٹے ملک نقاش حسین نے ایم بی اے کیا ہے۔ میرے باقی بچے بھی پڑھ رہے ہیں۔ میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کو اپنا فخر اور سکون قرار دیتا ہوں۔ میرے والد محترم غلام حسین مرحوم نے اس ادارے میں 42 سال بطور خلاصی خدمات انجام دیں۔

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ہمارے وطن عزیز کا ایک عظیم صنعتی ادارہ ہے۔ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ ہمارے علاقے کی آن بان اور شان ہے جس کے ساتھ کھیوڑہ کی آدھی سے زائد آبادی جڑی ہوئی ہے ہمیں اپنے ادارے پر ناز ہے۔

# نعیم احمد بیگ

میرا نام نعیم احمد بیگ ہے۔ گریجویشن کے بعد 1988ء میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں ملازمت کا موقع ملا۔ میں بطور اسٹور اسسٹنٹ بھرتی ہوا، اس کے بعد پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ اور اب لمبے عرصے سے ایڈمن میں ٹائم آفس کی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہوں۔

میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں کام کرتے ہوئے فخر محسوس کرتا ہوں یہ وہ کمپنی ہے جس کے قوانین و طریقہ کار منفرد ہے۔ آفیسر اور



ماتحت دوستانہ ماحول میں کام کررہے ہیں۔ حقداروں کا حق احسن طریقے سے ادا ہورہا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت مطمئن زندگی گزار رہا ہوں الحمداللہ میرے پانچ بچے ہیں 4 بیٹیاں اور 1 بیٹا ایک بیٹی شادی شدہ ہے MSN کے بعد شفا انٹرنیشنل میں جاب کررہی ہے۔ دوسری ایم فل کے بعد پنجاب کالج میں لیکچرر ہے۔ بیٹا کمپیوٹر سائنس میں MS کرنا چاہتا ہے۔ چھوٹی بیٹی DPT کر رہی ہے۔ سب سے چھوٹی بیٹی نے اب FSC کیا ہے۔

کمپنی کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ہمیشہ دعا گو رہوں گا۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

# ذمہ داری اور فرض شناسی



ماہِ سمبر کے دوران ہیڈ آفس میں واقع آئی ٹی ڈیٹا سینٹر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ اس وقت رات کے تقریباً 8 بجے تھے اور اس وقت ڈیٹا سینٹر آپریٹر امجد علی کی ڈیوٹی تھی۔ امجد نے آگ کو دیکھ کر اپنے حواس کو قابو میں رکھا اور بروقت ردِعمل کے ذریعے نہ صرف سیکوریٹی کے عملے کو اطلاع دی بلکہ خود بھی فائر ایکسٹنگیشنز کو استعمال میں لاکر آگ پر قابو پانے کی کوشش شروع کردی۔ اس دوران سیکوریٹی سپروائزر جلال الدین بمعہ اپنے عملے کے امجد کی مدد کو پہنچ گئے اور ان سب نے مل کر با آسانی آگ پر قابو پالیا۔

امجد علی اور سکوریٹی سپروائزر جلال الدین اور ان کی ٹیم کی بروقت کاروائی نے ایک بہت بڑے نقصان سے بچالیا۔ امجد علی اور جلال الدین اور ان کی پوری ٹیم کی کارکردگی کو بہت اچھے طریقے سے کمپنی کی انتظامیہ نے سراہا اور ان دونوں کو اس قابلِ ستائش کارکردگی پر شیلڈز دی گئیں۔

# دیانت داری کا مظاہرہ

امیر حسن علی۔ سیکوریٹی 2000 کی جانب سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، کیمیکلز پلانٹ ایریا سے متصل فارماسیوٹیکلز ویئر ہاوس کے قریب اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس گیٹ سے کوریئر کمپنی کا اسٹاف دوائیوں کی شپمنٹس لینے آتا رہتا ہے۔ امیر حسن کو اپنی ڈیوٹی کے دوران گیٹ کے قریب سے رقم سے بھرا ہوا ایک بٹوا ملا جس میں رقم کے علاوہ ڈرائیونگ لائسنس، قومی شناختی کارڈ، بنک کے کارڈز وغیرہ شامل تھے۔ امیر حسن علی نے دیانت کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ بٹوا اپنے سپروائزر کو دیا۔ تفتیش کرنے پر پتہ چلا کہ یہ بٹوا کوریئر کمپنی کے اسٹاف کا ہے اور بٹوے میں موجود رقم اس کی تنخواہ ہے۔ جب متعلقہ فرد سے رابطہ کیا گیا اور اسے بتایا کہ آپ کی رقم اور تمام چیزیں محفوظ ہیں اور آپ آ کر لے جاسکتے ہیں تو ان کی خوشی کا اندازہ نہیں کیا جاسکتا۔ انھوں نے کہا کہ میں بہت پریشان تھا میرے ضروری کاغذات کے علاوہ اس ماہ کی پوری تنخواہ بھی اس بٹوے میں تھی جس کے گم ہوجانے کی وجہ سے میری پریشانی بے حد بڑھ گئی تھی۔ مجھے اس بات کی خاص طور سے بے حد خوشی ہے کہ آپ کی کمپنی میں ایسے دیانت دار لوگ کام کرتے ہیں جو پرائی چیز کو پرایا ہی سمجھتے ہیں۔

امیر حسن کے اس دیانت داری اور ایمانداری کے مظاہرے کو کیمیکلز بزنس کی تمام ٹیم نے شاندار الفاظ میں سراہا اور ایک خصوصی شیلڈ بھی دی۔



# غصہ پر قابو (Anger Control)

ایک بہت خوبصورت تحریر

شمروز خان (ہیڈ آفس)



جو شخص غصے کی کیمسٹری کو سمجھتا ہو وہ بڑی آسانی سے غصہ کنٹرول کر سکتا ہے' میں نے پوچھا" سر غصے کی کیمسٹری کیا ہے؟"

وہ مسکرا کر بولے"ہمارے اندر سولہ کیمیکلز ہیں، یہ کیمیکلز ہمارے جذبات، ہمارے ایموشن بناتے ہیں، ہمارے ایموشن ہمارے موڈز طے کرتے ہیں اور یہ موڈز ہماری پرسنیلٹی بناتے ہیں"میں خاموشی سے ان کی طرف دیکھتا رہا، وہ بولے"ہمارے ہر ایموشن کا دورانیہ 12 منٹ ہوتا ہے" میں نے پوچھا"مثلاً"۔۔۔؟ وہ بولے"مثلاً غصہ ایک جذبہ ہے، یہ جذبہ کیمیکل ری ایکشن سے پیدا ہوتا ہے، مثلاً ہمارے جسم نے انسولین نہیں بنائی یا یہ ضرورت سے کم تھی، ہم نے ضرورت سے زیادہ نمک کھالیا۔

ہماری نیند پوری نہیں ہوئی یا پھر ہم خالی پیٹ گھر سے باہر آ گئے، اس کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ ہمارے اندر کیمیکل ری ایکشن ہو گا، یہ ری ایکشن ہمارا بلڈ پریشر بڑھا دے گا اور یہ بلڈ پریشر ہمارے اندر غصے کا جذبہ پیدا کر دے گا، ہم بھڑک اٹھیں گے لیکن ہماری یہ بھڑکن صرف 12 منٹ طویل ہو گی، ہمارا جسم 12 منٹ بعد غصے کو بجھانے والے کیمیکل پیدا کر دے گا اور یوں ہم اگلے 15 منٹوں میں کول ڈاؤن ہو جائیں گے چنانچہ ہم اگر غصے کے بارہ منٹوں کو مینیج کرنا سیکھ لیں تو پھر ہم غصے کی تباہ کاریوں سے بچ جائیں گے"۔

میں نے عرض کیا"کیا یہ نسخہ صرف غصے تک محدود ہے" وہ مسکرا کر بولے"جی نہیں، ہمارے چھ بیسک ایموشنز ہیں، غصہ، خوف، نفرت، حیرت، لطف (انجوائے) اور اداسی، ان تمام ایموشنز کی عمر صرف بارہ منٹ ہوتی ہے، ہمیں صرف بارہ منٹ کیلئے خوف آتا ہے، ہم صرف 12 منٹ قہقہے لگاتے ہیں، ہم صرف بارہ منٹ اداس ہوتے ہیں، ہمیں نفرت بھی صرف بارہ منٹ کیلئے ہوتی ہے، ہمیں بارہ منٹ غصہ آتا ہے اور ہم پر حیرت کا غلبہ بھی صرف 12 منٹ رہتا ہے۔

ہمارا جسم بارہ منٹ بعد ہمارے ہر جذبے کو نارمل کر دیتا ہے" میں نے عرض کیا"لیکن میں اکثر لوگوں کو سارا سارا دن غصے، اداسی، نفرت اور خوف کے عالم میں دیکھتا ہوں، یہ سارا دن نارمل نہیں ہوتے" وہ مسکرا کر بولے"آپ ان جذبوں کو آگ کی طرح دیکھیں، آپ کے سامنے آگ پڑی ہے، آپ اگر اس آگ پر تھوڑا تھوڑا تیل ڈالتے رہیں گے، آپ اگر اس پر خشک لکڑیاں رکھتے رہیں گے تو کیا ہو گا؟ یہ آگ پھیلتی چلی جائے گی، یہ بھڑکتی رہے گی۔

ہم میں سے زیادہ تر لوگ اپنے جذبات کو بجھانے کی بجائے ان پر تیل اور لکڑیاں ڈالنے لگتے ہیں چنانچہ وہ جذبہ جس نے 12 منٹ میں نارمل ہو جانا تھا وہ دو دو، تین تین دن تک وسیع ہو جاتا ہے، ہم اگر دو تین دن میں بھی نہ سنبھلیں تو وہ جذبہ ہمارا طویل موڈ بن جاتا ہے اور یہ موڈ ہماری شخصیت، ہماری پرسنیلٹی بن جاتا ہے یوں لوگ ہمیں غصیل خان، اللہ دتہ اداس، ملک خوفزدہ، نفرت شاہ، میاں قہقہہ صاحب اور حیرت شاہ کہنا شروع کر دیتے ہیں' وہ رکے اور پھر بولے"آپ نے کبھی غور کیا ہم میں سے بے شمار لوگوں کے چہروں پر ہر وقت حیرت، ہنسی، نفرت، خوف، اداسی یا پھر غصہ کیوں نظر آتا ہے؟

وجہ صاف ظاہر ہے، جذبے نے بارہ منٹ کیلئے ان کے چہرے پر دستک دی لیکن انہوں نے اسے واپس نہیں جانے دیا اور یوں وہ جذبہ حیرت ہو، قہقہہ ہو، نفرت ہو، خوف ہو، اداسی ہو یا پھر غصہ ہو وہ ان کی شخصیت بن گیا، وہ ان کے چہرے پر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے درج ہو گیا، یہ لوگ اگر وہ بارہ منٹ مینیج کر لیتے تو یہ عمر بھر کی خرابی سے بچ جاتے، یہ کسی ایک جذبے کے غلام نہ بنتے، یہ اس کے ہاتھوں بلیک میل نہ ہوتے" میں نے عرض کیا"اور کیا محبت جذبہ نہیں ہوتا" فوراً جواب دیا"محبت اور شہوت دراصل لطف کے والدین ہیں، یہ جذبہ بھی صرف بارہ منٹ کا ہوتا ہے۔

آپ اگر اس کی بھٹی میں نئی لکڑیاں نہ ڈالیں تو یہ بھی بارہ منٹ میں ختم ہو جاتا ہے لیکن ہم بے وقوف لوگ اسے زلف یار میں باندھ کر گلے میں لٹکا لیتے ہیں اور یوں مجنوں بن کر ذلیل ہوتے ہیں، ہم انسان اگر اسی طرح شہوت کے بارہ منٹ بھی گزار لیں تو ہم گناہ، جرم اور ذلت سے بچ جائیں لیکن ہم یہ نہیں کر پاتے اور یوں ہم سنگسار ہوتے ہیں، قتل ہوتے ہیں، جیلیں بھگتتے ہیں اور ذلیل ہوتے ہیں، ہم سب بارہ منٹ کے قیدی ہیں، ہم اگر کسی نہ کسی طرح یہ قید گزار لیں تو ہم لمبی قید سے بچ جاتے ہیں ورنہ یہ 12 منٹ ہمیں کہیں کا نہیں چھوڑتے"۔

میں نے ان سے عرض کیا"آپ یہ بارہ منٹ کیسے مینیج کرتے ہیں" وہ مسکرا کر بولے"میں نے ابھی آپ کے سامنے اس کا مظاہرہ کیا، وہ صاحب غصے میں اندر داخل ہوئے، مجھ سے اپنی فائل مانگی، میں نے انہیں بتایا میں آپ کی فائل پر دستخط کر کے واپس بھجوا چکا ہوں لیکن یہ نہیں مانے، انہوں نے مجھ پر جھوٹ اور غلط بیانی کا الزام بھی لگایا اور مجھے ماں، بہن کی گالیاں بھی دیں، میرے تن من میں آگ لگ گئی لیکن میں کیونکہ جانتا تھا میری یہ صورتحال صرف 12 منٹ رہے گی چنانچہ میں چپ چاپ اٹھا۔

وضو کیا اور نماز پڑھنی شروع کر دی، میرے اس عمل پر 20 منٹ خرچ ہوئے، ان 20 منٹوں میں میرا غصہ بھی ختم ہو گیا اور وہ صاحب بھی حقیقت پر پہنچ گئے، میں اگر نماز نہ پڑھتا تو میں انہیں جواب دیتا، ہمارے درمیان تلخ کلامی ہوتی، لوگ کام چھوڑ کر اکٹھے ہو جاتے، ہمارے درمیان ہاتھا پائی ہو جاتی، میں اس کا سر پھاڑ دیتا یا یہ مجھے نقصان پہنچا دیتا لیکن اس سارے فساد کا آخر میں کیا نتیجہ نکلتا؟ پتہ چلتا ہم دونوں بے وقوف تھے، ہم سارا دن اپنا کان چیک کئے بغیر کتے کے پیچھے بھاگتے رہے چنانچہ میں نے جائے نماز پر بیٹھ کر وہ بارہ منٹ گزار لئے اور یوں میں، وہ اور یہ سارا دفتر ڈیزاسٹر سے بچ گیا، ہم سب کا دن اور عزت محفوظ ہو گئی"۔

میں نے پوچھا"کیا آپ غصے میں ہر بار نماز پڑھتے ہیں" وہ بولے "ہرگز نہیں، میں جب بھی کسی جذبے کے غلبے میں آتا ہوں تو میں سب سے پہلے اپنا منہ بند کر لیتا ہوں، میں زبان سے ایک لفظ نہیں بولتا، میں قہقہہ لگاتے ہوئے بھی بات نہیں کرتا، میں صرف ہنستا ہوں اور ہنستے ہنستے کوئی دوسرا کام شروع کر دیتا ہوں، میں خوف، غصے، اداسی اور لطف کے حملے میں واک کیلئے چلا جاتا ہوں، غسل کر لیتا ہوں، وضو کرتا ہوں، 20 منٹ کیلئے چپ کا روزہ رکھ لیتا ہوں، استغفار کی تسبیح کرتا ہوں۔

اپنی والدہ یا اپنے بچوں کو فون کرتا ہوں، اپنے کمرے، اپنی میز کی صفائی شروع کر دیتا ہوں، اپنا بیگ کھول کر بیٹھ جاتا ہوں، اپنے کان اور آنکھیں بند کر کے لیٹ جاتا ہوں یا پھر اٹھ کر نماز پڑھ لیتا ہوں یوں بارہ منٹ گزر جاتے ہیں، طوفان ٹل جاتا ہے، میری عقل ٹھکانے پر آ جاتی ہے اور میں فیصلے کے قابل ہو جاتا ہوں" وہ خاموش ہو گئے، میں نے عرض کیا"اور اگر آپ کو یہ تمام سہولتیں حاصل نہ ہوں تو آپ کیا کرتے ہیں" وہ رکے، چند لمحے سوچا اور بولے "آسمان گر جائے یا پھر زمین پھٹ جائے' میں منہ نہیں کھولتا۔

میں خاموش رہتا ہوں اور آپ یقین کیجئے سونامی خواہ کتنا ہی بڑا کیوں نہ ہو وہ میری خاموشی کا مقابلہ نہیں کر سکتا، وہ بہرحال پسپا ہو جاتا ہے، آپ بھی خاموش رہ کر زندگی کے تمام طوفانوں کو شکست دے سکتے ہیں۔



انیمل ہیلتھ ڈویژن

# پاکستان پولٹری، ڈیری اینڈ لائیواسٹاک ایکسپو 2018

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے انیمل ہیلتھ ڈویژن نے پاکستان پولٹری، ڈیری اینڈ لائیواسٹاک (PPDL) ایکسپو 2018 میں شرکت کی جو ایکسپو سینٹر کراچی میں 20 سے 22 جولائی تک منعقد ہوئی۔اس ایکسپو میں 6 ملکوں کے تقریباً 98 نمائش کنندگان شریک ہوئے۔اس تقریب کو عوام کے ساتھ ساتھ تجارتی اداروں کی جانب سے خوب پذیرائی ملی۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اسٹال کا 600 سے زیادہ افراد نے دورہ کیا جن میں پولٹری اور لائیواسٹاک کے صارفین، فارمرز اور تجارتی ڈیریز اور دیگر اداروں کے نمائندے بھی شامل تھے۔

اس ایکسپو کی افتتاحی تقریب میں سابق صدر پاکستان جناب ممنون حسین نے کلیدی خطاب کیا جس میں انہوں نے ایگریکلچر اور لائیو اسٹاک کے شعبوں میں حکومت کے تعاون کے عزم کو دہرایا۔اس میں انہوں نے خاص طور پر کیٹل کالونیز کی اہمیت اور کیٹل فارمز اور کالونیز کے انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔




























اس ایکسپو میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی شرکت بہت کامیاب رہی کہ اسے ڈیری اور لائیو اسٹاک کی صنعت میں اپنے برانڈز کی تشہیر کا موقع ملا۔ یہ کاروبار سے متعلق صارفین کو بے تکلفی کے ماحول میں معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ ثابت ہوا۔ آئی سی آئی کے اسٹال پر پولٹری اور لائیو اسٹاک کیلئے علیحدہ علیحدہ کاؤنٹر ترتیب دیئے گئے تھے تاکہ نمائش میں آنے والوں کو ان سے متعلق پروڈکٹس کے بارے میں بتایا جائے اور نمونے بھی پیش کئے جا سکیں۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ مویشی مالکان کو ان کے مویشیوں کی صحت اور دیکھ بھال کے حوالے سے دستیاب جدید سہولتوں کے بارے میں آگاہی فراہم کی جا سکے۔ بنیادی طور پر غذائیت اور فیڈ پر مبنی اس تقریب میں متعلقہ شعبہ کی درآمدات کی ضرورت، خاص طور پر کراچی اور جنوبی ریجن کیلئے محسوس کی گئی۔ اس صنعت سے وابستہ کئی افراد کے ایک ہی چھت تلے موجودگی سے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے اینیمل ہیلتھ ڈویژن کے شعبے کو مارکیٹ میں چھوٹے، درمیانے اور بڑے درجہ کے کاروباری افراد سے رابطے کا موقع ملا۔ اسی بناء پر ایکسپو نہ صرف کاروبار کے لئے نئے راستے کھلنے کا بڑا ذریعہ ہے بلکہ یہ متوقع صارفین تلاش کرنے اور صنعت میں نیٹ ورک کی حکمت عملی تیار کرنے میں بے حد مددگار ثابت ہوتی ہے۔



# گوجرانوالہ اور لاہور میں پولٹری کی صنعت سے وابستہ افراد کا اجتماع





جانوروں کی صحت کے سلسلے میں اجتماع، آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا ایک اہم پروگرام ہے۔ اس کے ذریعہ پروڈکٹ اور سیلز کے عملے کو صارفین، وٹرنری پروفیشنلز اور دوسرے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ براہ راست گفت وشنید کا موقع ملتا ہے جس کے باعث نہ صرف کمپنی کے معیار کے عزم کو زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچانے میں آسانی ہوتی ہے بلکہ فیڈ بیک حاصل کر کے صارفین کو بہتر خدمات فراہم کی جاسکتی ہیں۔ اس سال اگست کے مہینے میں اسسٹنٹ پروڈکٹ منیجر ڈاکٹر طٰہٰ ندیم اور ریجنل سیلز منیجر ڈاکٹر محمد عمیر خان نے گوجرانوالہ اور لاہور میں دوروزہ اجتماع کا اہتمام کیا۔ اس میں 25 وٹرنری پروفیشنلز شامل ہوئے اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی مختلف پروڈکٹس جیسے Selko pH، ایک نامیاتی ایسڈ جو فیڈ کی صنعت میں استعمال ہوتا ہے، Hepatobooster غذائیت کیلئے استعمال ہونے والا لیور ٹانک، Selenobooster، غذائیت کیلئے استعمال ہونے والا وٹامن کمپلیکس اور Virkon فارمز میں استعمال ہونے والی جراثیم کش دوا پر مفید گفت وشنید ہوئی۔ لاہور کے اجتماع میں بھی پروڈکٹس کے اسی پورٹ فولیو کے بارے میں مذاکرات ہوئے۔ تاہم اس اجتماع میں 15 وٹرنیری پریکٹیشنرز نے بھی حصہ لیا اور پولٹری کی غذائیت اور بایو سیکورٹی کے موضوع پر گفتگو میں شرکت کی۔

لائف سائنسز

انیمل ہیلتھ ڈویژن

# سیلکو فیڈ ایڈیٹیوز کے تعارفی سیمینار

پاکستان لمیٹڈ انیمل ہیلتھ ڈویژن کے سلوگن "Weimprove Lives" اور "آپ کا مویشی، آپ کا سرمایہ" کا حقیقی عکس تھا۔















## ایڈوانسڈ ایڈیٹیوز، اعلیٰ کارکردگی

لائف سائنسز بزنس انیمل ہیلتھ دویژن، کا پولٹری کا شعبہ کاروباری مواقع کی تلاش اور کاروبار کی ترقی میں ہمہ وقت کوشاں رہتا ہے۔ اس سلسلے میں 9 جولائی سے 14 جولائی 2018 تک ملک بھر کے علاقوں بشمول لاہور، اسلام آباد، ملتان اور کراچی میں سیلکو فیڈ ایڈیٹیوز (Trouw Nutrition کا عالمی برانڈ) کے تعارفی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ ٹراؤ نیوٹریشن کے نمائندوں کی حیثیت سے ڈاکٹر اشرف فرح ہے کلیوکنز (Hay Kleuskens)، جیروئین لینن (Jeroen Leenen)، گیرت وان ہاؤٹ (Geert van Houte) اورر ڈاکٹر عمر ستار نے شرکت کی جبکہ سیمینارز کے سربراہ صبور احمد تھے اور دیگر شرکاء میں ڈاکٹر انوارالحق اور ڈاکٹر طٰہٰ ندیم متعلقہ ریجنل سیلز مینیجرز اور ٹیم کے ساتھی شامل تھے۔ ہر سیمینار میں متعلقہ ریجنز اور ملحقہ علاقوں کے فیڈ ملز اور اہم اداروں کے 50 سے زیادہ نمائندے شریک ہوئے۔

تعارفی پروگراموں کا آغاز آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ٹیم کی ٹریننگ سے ہوا جو 9 جولائی 2018 کو پی سی لاہور میں منعقد ہوئی۔ اس میں مختلف ریجنز کے ریجنل سیلز مینیجرز اور ایریا مینیجرز بھی شامل ہوئے۔ اس کے بعد ڈاکٹر اشرف فرح (وی پی، ٹراؤ نیوٹریشن)، ہے لکیوسکنز (بی ایم، فیڈ ایڈیٹیوز)) اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی ٹیم نے اہم اداروں اور پولٹری انٹگریشنز کا دورہ کیا اور Mold اور Salmonella کے ساتھ ساتھ موائسچر مینجمنٹ پر تفصیلی گفت و شنید کی۔ جیروئین لینن (ٹیکنیکل اسپیشلسٹ، پولٹری) اور گریت ون ہاؤٹ (گلوبل پروگرام مینجر) نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ٹیم کے ہمراہ بعض فیڈ ملز اور برائلر اور لیئر فارمز کا بھی دورہ کیا۔

سیلکو کے تعارفی سیمینارز کے اہتمام کا مقصد سیلکو پروڈکٹ رینج، اس کی منفرد خصوصیات اور استعمال کے بارے میں اپنے معزز صارفین میں آگہی فراہم کرنا تھا۔ ہر سیمینار کا آغاز ڈاکٹر انوارالحق (این ایس ایم پولٹری) نے کیا جس کے بعد صبور احمد (بزنس مینجر، اے ایچ ڈی) نے استقبالیہ کلمات کہے اور آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کا مختصر تعارف پیش کیا۔ اشرف فرح (وائس پریزیڈنٹ، ٹراؤ نیوٹریشن) نے ٹراؤ نیوٹریشن، اس کے مشن اور انیمل نیوٹریشن میں پیش رفت کے بارے میں مختصر طور پر بتایا۔ اس کے بعد انہوں نے مختلف ویژوئل عملی مظاہروں کے ذریعہ آنتوں کی صحت کو منظّم کرکے بہترین کارکردگی حاصل کرنے پر زور دیا ہے لکیوسکنز (بزنس مینجر، فیڈ ایڈیٹیوز) نے غلہ کی ٹریٹمنٹ کے ذریعہ موائسچر مینجمنٹ پر لکچر دیا۔ نیز حاضرین کے ساتھ اثر اور معیار کے لحاظ سے ہماری پروڈکٹس کا دوسری پروڈکٹس کے ساتھ موازنہ پیش کیا۔

آخر میں حاضرین کے ساتھ سوال و جواب کا سلسلہ ہوا۔ شرکاء نے نئی جدید معیاری پروڈکٹس پیش کرنے پر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کی تعریف کی جو اینٹی بایوٹکس کا متبادل ہیں اور اس سے پولٹری کی کارکردگی اور منفعت میں بہتری آئے گی۔ یہ پروگرام آئی سی آئی

اینمل ہیلتھ ڈویژن

# سیلز کی حکمت عملی اور منصوبہ بندی کانفرنس۔ تھائی لینڈ

رپورٹ: صبیح سمیع صدیقی



صارفین کا مفاد آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے کلچر میں رچا بسا ہے اور یہ ہماری اعلیٰ اقدار کی پاسداری کا آئینہ دار بھی ہے۔ حال ہی میں ہمارے لائف سائنسز بزنس اینمل ہیلتھ کے شعبہ نے تھائی لینڈ میں ایک ڈیلرز کانفرنس کا اہتمام کیا۔ اس چار روزہ پروگرام میں، جو 6 سے 10 ستمبر تک جاری رہا، 27 صارفین نے شرکت کی۔ اس کانفرنس کی روح رواں معاون میڈیسن ٹیم میں ملک محمود اعوان (نیشنل سیلز منیجر)، نعیم مصطفیٰ (ایریا منیجر)، مسعود رانا (ریجنل سیلز منیجر)، لیاقت علی خان (ایریا منیجر) اور ڈاکٹر سلمان (پروڈکٹ منیجر) شامل تھے۔

اس کانفرنس کا بنیادی مقصد رواں مالی سال کے دوران میں آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ اور اس کے ڈیلرز کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنا اور ڈیلرز کو کمپنی کی حکمت عملی کے تحت سیلز کے اہداف سے آگاہ رکھنا تھا۔ اس پروگرام میں دوطرفہ معلومات کے تبادلہ کیلئے گروپ کی صورت میں مذاکرے کا اہتمام کیا گیا جس کے ماڈریٹر تھے ڈاکٹر سلمان۔ یہ نہایت مفید اور کامیاب کانفرنس رہی اور اس کے ذریعہ کمپنی کو اپنے ڈسٹری بیوٹرز کے ساتھ اپنے اہداف کو منظّم کرنے میں مدد ملی جو فریقین کے باہمی مفاد کا باعث بنتی ہے۔

کانفرنس میں دیگر سرگرمیوں کے ذریعہ صارفین سے تعلقات کو مزید گہرا کرنے کا موقع ملا۔ اس کے علاوہ Chao Phraya نامی دریا میں کشتی کی سیر، Phi Phi جزیروں کا وزٹ اور جیٹ اسکی اسپورٹس اس کانفرنس کے انتہائی خوشگوار لمحے تھے جو یادوں کا خوشگوار حصہ بن گئے۔

# عطاء الرحمان اسکول آف اپلائڈ بائیوسائنسز اوپن ہاؤس

منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ)




حسب روایت اس سال بھی پاس آؤٹ ہونے والے طلباء اور صنعتی شعبہ سے منسلک افراد کے باہمی تعارف کے حوالے سے ایک اوپن ہاؤس ڈے کا اہتمام عطاء الرحمان اسکول آف اپلائڈ بائیوسائنسز نے کیا۔ اس حوالے سے راقم کو بھی فکلٹی نے مدعو کیا جو بلاشبہ میرے لئے ہمیشہ سے ایک اعزاز کی بات ہے۔ اس موقع پر طلباء سے بامقصد گفتگو کا موقع ملا۔ آنے والے دنوں کے تفکرات کے حوالے سے تبادلہ خیال کرنے کا موقع ملا۔ فائنل ائیر کے طلباء کی طرف سے پیش کردہ مختلف پراجیکٹس کو دیکھنے اور انکی صلاحیتوں کا مشاہدہ ہوا۔ اس نوعیت کے پروگرامز کا تسلسل کے ساتھ ہونا اسلئے بھی ضروری ہے کہ حصول تعلیم کی تکمیل کے بعد میدان عمل میں قدم رکھنے والے طلباء کو مناسب رہنمائی میسر ہو اور وہ بہتر طریقوں سے آنے والے دنوں کے چیلنجز سے نبرد آزما ہوسکیں۔



فارما ڈویژن

# سمر پارٹی 2018

منصور عثمان خان (لرننگ اینڈ ڈویلپمنٹ)

بہار کے رنگوں سے شروع ہو کر خزاں کے پت جھڑ پر اختتام پذیر گرمیوں کا موسم ہمیشہ سے ہی بہت سوں کے لئے رنگینی اور دلچسپی کا موسم رہا ہے۔ شعراء نے اسی موسم کے رنگوں اور گرم گلابی شام کے استعاروں کو لے کر طبع آزمائی کی ہے۔ اس ایک رنگ سے بہت سے رنگ چشم تصور سے نکلتے دیکھے جا سکتے ہیں۔

اسی خیال سے ہم آہنگ ہو کر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ کے ذیلی ادارے سرن فارماسیوٹیکلز کے آفس اور پلانٹ میں سمر پارٹی کی گئی۔ سرن آفس میں کی گئی پارٹی خاص طور پر بہت دلچسپ تھی۔ جس میں موقع کی مناسبت سے سب رزق برق مختلف رنگوں کے ملبوسات زیب تن کئے ہوئے تھے۔

بہترین لباس کے مقابلے کا اہتمام کیا گیا جسکا فیصلہ ایک بہت مشکل مرحلہ تھا۔ محترمہ رفیقہ پروین نے یہ مقابلہ جیت لیا۔ ایک ایک دو دو منٹ کے دلچسپ کھیلوں کے مقابلے مختلف گروپس کے درمیان منعقد ہوئے اور جیتنے والے گروپ کو ستائش کے ساتھ ساتھ انعام سے بھی نوازا گیا۔















فارماڈویژن

# عید ملن



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ، لائف سائنسز بزنس کی ایچ آر ٹیم نے 23 جولائی 2018 کو ایچ بی پلانٹ کے ساتھیوں کیلئے پلانٹ پر عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا۔ اس میں انتظامیہ کے نمائندوں نے بھی شرکت کی جن میں سمیع کاشمیری، علی مسعود، حسین مٹھائی والا، وحید انور کنڈی، سید محمد جنید، مس سمیل طارق، مس سارا لون اور رہونڈا فرنینڈس شامل تھے۔ اسٹاف کے نمائندوں میں افضل جسکانی یونین کے صدر، زمرد حسین جنرل سیکرٹری نے نان منیجمنٹ کے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ شرکت کی۔ حاضرین کی تواضع ہائی ٹی سے کی گئی۔

اس تقریب کا مقصد سب کو ایک ساتھ مل کر عید کی خوشی منانے کے ساتھ ساتھ ان ملازمین کو طویل مدت سروس ایوارڈز بھی تقسیم کرنا تھا جنھوں نے ایچ بی پلانٹ پر خدمت کے 30، 35 اور 40 سال مکمل کر لئے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل ساتھیوں کو ان کی کمپنی کی ساتھ طویل مدتی ملازمت پر انعامات سے نوازہ گیا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | سید حماد | 230030 | 30 سال |
| 2 | محمد افضل جسکانی | 230031 | 30 سال |
| 3 | محمد خان | 230032 | 30 سال |
| 4 | پرویز فاروقی | 230033 | 30 سال |
| 5 | عذرا پروین | 230034 | 35 سال |
| 6 | محمد مناف شیخ | 230020 | 35 سال |
| 7 | بشیر خان | 230021 | 35 سال |
| 8 | مشتاق احمد ایم اشرف | 230022 | 35 سال |
| 9 | سلطانہ رحیم | 230023 | 40 سال |
| 10 | زاہدہ سلیم | 230204 | 40 سال |










لائف سائنسز

# ایمرجنسی ریسپانس ٹریننگ

کسی بھی انڈسٹری میں ایمرجنسی کی صورت حال کسی بھی وقت پیدا ہوسکتی ہے جس کے لیے ایمپلائز کا ہر وقت ایمرجنسی کے حالات سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار رہنا اوران حالات میں انکی کیا ذمہ داریاں ہیں اس کا بخوبی علم ہونا لازمی ہے۔آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کا سیفٹی ڈیپارٹمنٹ وقتاً فوقتاً اپنے رفقائے کار کو ایمرجنسی ریسپانس کی ٹریننگ کرواتا رہتا ہے۔اس مرتبہ بھی ماہ ستمبر میں ایمرجنسی ریسپانس پروسیجر کی ٹریننگ کا انعقاد ٹریننگ سینٹر میں نئے آنے والے آفیسرز ، پلانٹ آپریٹر ، اور کنٹریکٹر اسٹاف کے لیے کیا گیا۔

رانا محمد عدیل سیفٹی مینجر نے اس تربیتی ورکشاپ میں شامل ہونے والے شرکاء کو اس پروسیجر کی اہمیت کے بارے میں بتایا ۔ اس ٹریننگ میں انھوں نے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ میں کون کون سی اہم جگہ ہیں جہاں ایمرجنسی ہوسکتی ہے کے بارے میں آگاہ کیا اور انکے کنٹرول پلانٹ ایریا میں کیا ہیں ۔ علاوہ ازیں انھوں نے ایمرجینسی نمبر، اسمبلی پوائنٹ کی تفصیل ایمپلائز اور کنٹریکٹر اسٹاف کے لیے، ایمرجینسی کوارڈینیشن کمیٹی کے ممبران اور پلانٹ شفٹ کوارڈینیٹر اور سیفٹی مینجر کی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا اور ساتھ ہی ساتھ پلانٹ پر کام کرنے والوں کی ایمرجینسی کے صورت حال میں انکے ردعمل پر بھی روشنی ڈالی۔



رانا محمد عدیل سیفٹی مینجر نے شرکاء کو ایمرجینسی کی صورت حال میں اپنا پیغام کیسے دینا ہے کے بارے میں عملی مظاہرہ بھی کروایا۔ ٹریننگ کے اختتام پر سوالات و جوابات کے سلسلے میں شرکاء کو مطمن کرنے پر سب نے رانا محمد عدیل سیفٹی مینجر کا شکریہ ادا کیا۔

# گیسٹرو پر آگاہی سیشن

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس اپنے رفقائے کی صحت و تندرستی کو بہتر بنانے کے لیے کوشاں رہتی ہے ۔ اس سلسلہ میں بیماریوں کے متعلق آگاہی دینے کے لیے پورے سال مختلف ٹریننگ کا انعقاد کرتی رہتی ہے ۔ اس سلسلہ میں ماہ اگست میں گیسٹرو پر لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب نے ٹریننگ سینٹر میں تربیتی ورکشاپ کروائی جس میں انھوں نے اس بیماری کے متعلق رفقائے کار کو بتایا اور انکو اس بات کی آگاہی دی کہ وہ کیا وجوہات ہیں جنکی وجہ سے یہ مرض لاحق ہوتا ہے ۔انھوں نے ساتھ ساتھ یہ بھی بتایا کہ اگر ہم اپنا نظام زندگی کے معاملات ،غصہ، نیند کی کمی اور غذا کو بہتر کرلیں تو ہم اس مرض سے چھٹکارا پا سکتے ہیں ۔تمام شرکاء نے لیڈی ڈاکٹر عطیہ رباب کا ٹریننگ کے اختتام پر شکریہ ادا کیا اور ان ہدایات پر عمل کرنے اور اا پنی فیملی میں ان باتوں کی آگاہی دینے کا عزم کیا۔



# ہاؤس کیپنگ مقابلہ



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ ہاؤس کیپنگ کا مقابلہ سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کے درمیان کرواتی ہے جس میں ہر ماہ پلانٹ کا جائزہ لیا جاتا ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ کون سی ٹیم نے ہاؤس کیپنگ کے معیار کو برقرار رکھا ہوا ہے ۔ اس مرتبہ بھی ماہ ستمبر میں ہاؤس کیپنگ کا مقابلہ تمام سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز ز کے مابین کروایا گیا۔ اس مقابلے کو پلانٹ ایریا میں جا کر پرکھنے کے لئے اور جائزہ لینے کے لیے کہ کون اچھا ہے سیفٹی مینجر اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ پلانٹ کا راونڈ کرتے ہیں۔

اس مرتبہ پروڈکشن مینجر صابر محمود اور سیفٹی مینجر رانا عدیل نے ہاوس کیپنگ کا جائزہ لیا اور سیفٹی امپرومنٹ ٹیم نمبر 2 اور سیفٹی امپرومنٹ ٹیم نمبر 6 کو اچھی کارکردگی کے پیش نظر مقابلے کا چیمپیئن قرار دیا اور ان ٹیمز ز کو سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز ز پرفارمنس میٹنگ میں ہاوس کیپنگ ٹرافی دی گئی۔





# لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس پر پریکٹیکل ٹریننگ

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس میں رفقائے کار کے لیے ٹریننگ کا سلسلہ چلتا رہتا ہے ۔ اس مرتبہ بھی نئے آنے والے رفقائے کار کے لیے ایچ ایس ای ڈیپارٹمنٹ نے لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس پر پریکٹیکل ٹریننگ کا اہتمام کیا۔ اس تربیتی ورکشاپ کے ٹریز سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید تھے۔ انھوں نے اس ٹریننگ میں شرکاء کو بتایا کہ اگر پلانٹ پر ہم کسی بھی قسم کے غیر محفوظ عمل کو دیکھتے ہیں یا کوئی غیر محفوظ صورتحال سامنے آتی ہے تو ہم کس طرح اس عمل کو روک سکتے ہیں کیونکہ لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس ایک ایسا سیفٹی ٹول ہے جس کا درست استعمال کر کے ہم خطرات کی نشاندہی کر سکتے ہیں اور متعلقہ مینجر کو بروقت بتا سکتے ہیں اور غیر محفوظ عمل کو ختم کر سکتے ہیں اسی تناظر میں لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس کے اہمیت کا تزکرہ بھی کیا گیا ۔ اس ٹریننگ کی سب سے اہم بات سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید کا خود لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس کا عملی مظاہرہ کے ذریعے شرکاء کو سمجھانا تھا تا کہ جب وہ خود لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس کا استعمال کرنے لگیں تو انکو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ ہو اور لرننگ ایونٹ کو لاگ کرنے کی کوالٹی بہتر ہو ۔ سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید نے ساتھ ساتھ لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس استعمال کرنے کے دوران جن ضروری چیزوں کا خاص خیال رکھنا ہوتا ہے ان سے بھی شرکاء کو آگاہ کیا تا کہ جب وہ اس ڈیٹا بیس کا استعمال کریں اور لرننگ ایونٹ محفوظ کرتے وقت اس میں کوئی کمی نہ آئے ۔ شرکاء نے ٹریننگ کے اختتام پر سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید سے کافی سوالات کیے جس پر رانا محمد عدیل جمشید نے انکی اس دلچسپی کو خوب سراہا اور انکو سوالات کا جواب دے کر مطمئن کیا۔ اس ٹریننگ کے اختتام پر سیفٹی مینجر رانا محمد عدیل جمشید نے تمام شرکاء سے یہ عہد لیا کہ ہم اس لرننگ ایونٹ ڈیٹا بیس کا استعمال کر کے خطرات کی نشاندہی کر کے پلانٹ پر سیفٹی کی بہتری میں اہم کردار ادا کریں گے۔



# صحت افزاء مقام کی سیر

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ اپنے ایمپلائیز کی صحت کے حوالے سے گوناگوں پروگرام تقریباً سارا سال ہی جاری رہتے ہیں۔اسی حوالے سے سوڈا ایش بزنس کے ایمپلائیز کے لئے ایک صحت افزاء مقام کی سیر کا پروگرام ترتیب دیا گیا۔اس سال سی بی اے یونین نے مری کی سیر کا ارادہ کیا۔

یہ مری ٹور 8 ستمبر 2018ء کو شروع ہوا جس میں جنرل اسٹاف تمام شفٹ اسٹاف اور اپرنٹرز نے شرکت کی۔تقریباً 7 گروپ یکے بعد دیگرے مری کی سیر کے لئے گئے اور تمام ایمپلائیز نے اس ٹور کو خوب انجوائے کیا۔

تمام ایمپلائیز صبح 6 بجے سوڈا ایش پلانٹ سے عازم سفر ہوئے۔ ناشتہ راستے میں چمن ہوٹل پر کیا۔مری جاتے ہوئے کچھ دیر کے لئے اسلام آباد میں بری امام کے مقام پر ایمپلائیز نے پڑاؤ ڈالا اور دوپہر کا کھانا مری میں تناول کیا گیا۔ایمپلائیز نے مال روڈ مری پنڈی پوائنٹ اور بعض ایمپلائیز تو پیٹریاٹہ تک ہو آئے۔دن بھر خوب مری کے خوبصورت موسم سے لطف اندوز ہونے کے بعد شام ایمپلائیز کے کارواں واپس کھیوڑہ کی طرف رواں دواں ہوئے اور رات گئے پہنچ گئے۔

اسطرح مری کی سیر کافی دنوں تک سوڈا ایش میں زبانِ در عام رہی۔






# الیکشن برائے سی بی اے یونین 20-2018

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ کے ایمپلائیز ہر دو سال بعد اپنی سی بی اے یونین کا انتخاب کرتے ہیں۔اسی طرح 12 جولائی 2018ء کو سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں ایمپلائیز کی سی بی اے کے الیکشن کا انعقاد ہوا۔

اس الیکشن میں ایمپلائیز کے 2 گروپوں مزدور اتحاد گروپ اور مزدور دوست گروپ (پھول گروپ) کے درمیان مقابلہ ہوا۔ دونوں گروپوں نے بہت ہی محنت سے الیکشن لڑا۔ایمپلائیز کا جوش وخروش دیدنی تھا۔باقاعدہ اجلاس کر کے مزدور لیڈروں نے اپنا منشور ایمپلائیز کے سامنے پیش کیا۔

12 جولائی 2018ء بروز جمعرات صبح 6:30 بجے سے لیکر شام 5:30 بجے تک پولنگ جاری رہی۔پورا دن ایمپلائیز کے درمیان ماحول بہت خوشگوار رہا۔اس الیکشن کے نتیجے میں مندرجہ ذیل سی بی اے یونین کا انتخاب ہوا۔

مزدور اتحاد گروپ سے جیتنے والے عہدیدار

| | | | |
|---|---|---|---|
| صدر | قیصر علی | نائب صدر | محمد رمضان |
| آفس سیکریٹری | فیض علی شاہ | پروپیگنڈہ سیکریٹری | ارشد علی |
| جنرل سیکریٹری | محمد صغیر بٹ | جوائنٹ سیکریٹری | محمد عثمان غنی |

| | |
|---|---|
| ایڈیشنل جوائنٹ سیکریٹری | محبوب عنایت |
| پریس سیکریٹری | عمران اللہ |

مزدور دوست گروپ سے جیتنے والے عہدیدار

| | |
|---|---|
| آرگنائزر | محمد عمران |
| ایڈیشنل نائب صدر | سید افرار حسین |
| رابطہ سیکریٹری | محمد رمضان |

جیتنے کے بعد تمام ایمپلائیز نے ایک دوسرے کو پرامن الیکشن کے انعقاد مبارکباد دی۔جیت کا خوب جشن منایا اور مل کل کر کام کرنے کا عہد کیا۔






# یونین CBA کی طرف سے حجاج کرام کے اعزاز میں تقریب مبارکباد

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ ایمپلائیز یونین ہر سال حج مبارک کے مقدس فریضے کی ادائیگی کے لئے حجاز مقدس جانے والے ایمپلائیز کے اعزاز میں تقریب مبارکباد کا انعقاد کرتی ہے۔

اسی سلسلے میں 28 جولائی 2018ء کو ورکس کینٹین میں سی بی اے یونین نے اس سال حج مبارک کی ادائیگی کے لئے جانے والے اپنے ایمپلائیز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔جس کی سعادت چوہدری اعجاز نے حاصل کی۔نعت شریف حاجی محمد رمضان نے پیش کی۔

سی بی اے یونین کے جنرل سیکریٹری محمد صغیر بٹ نے تمام حجاج کرام کو حج مبارک کے مقدس سفر کی مبارکباد پیش کی۔

بعدازاں سلیم اے صدیقی IR منیجر سوڈا ایش اور محمد توفیق ٹیکنیکل منیجر سوڈا ایش نے سی بی اے یونین کی طرف سے تمام حجاج کرام کو تحائف پیش کیے۔

سی بی اے یونین نے تمام حاضرین کے لئے بہترین دعوت طعام کا انتظام کر رکھا تھا۔جس کے بعد یہ تقریب سعید دعاؤں کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچی۔






































## حفظان صحت آڈٹ سوڈا ایش بزنس

آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس اپنے رفقائے کار کی صحت سے متعلقہ اقدامات لیتی رہتی ہے اور گاہے بگاہے اس سلسلے میں ٹریننگ، آڈٹنگ کا عمل جاری رہتا ہے۔اس مرتبہ ماہ ستمبر میں ڈاکٹر محمد راشد خان میڈیکل سپرینٹنڈنٹ سوڈا ایش اور سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل نے ملکر پلانٹ پر حفظان صحت سے متعلق آڈٹ کیا۔ جس میں تمام پلانٹ کے کنٹرول روم، کچن میں استعمال ہونے والے برتن، ریفریجریٹر، کینٹین، واش روم، کا تفصیلی آڈٹ کیا اور ساتھ ساتھ ان جگہوں پر کام کرنے والے اسٹاف کی فزیکل حالت کا جائزہ لیا گیا۔آڈٹ کے اختتام پر حفظان صحت سے متعلقہ تمام آڈٹ کی رپورٹ متعلقہ ایریا منیجر کو بھیجی گئی جس میں امپرومنٹ ایریاز کا ذکر کیا گیا تاکہ آئندہ ہونے والے آڈٹ میں انکی کارکردگی بہتر ہو سکے۔اس حفظان صحت کے آڈٹ میں اچھی کارکردگی والے جگہوں کو سیفٹی امپرومنٹ ٹیمز کے فورم پر سیفٹی منیجر رانا محمد عدیل نے سراہا۔

انٹر ڈیپارٹمنٹ ٹورنامنٹ

# تقریب جلسہ تقسیم انعامات

زیر اہتمام الکلی اسپورٹس کلب



آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں الکلی اسپورٹس کلب اپنے ایمپلائیز کی جسمانی صحت کی بہتری اور نشونما کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ اس سلسلے میں الکلی اسپورٹس کلب کی ٹیم نے اپنے سیکریٹری قیصر علی کی قیادت میں گزشتہ سہ ماہی میں انٹر ڈیپارٹمنٹل ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا۔





تمام ایمپلائیز نے نہایت ہی جوش وخروش سے حصہ لیا اور ہر ایونٹ کو کامیاب کیا اور لطف اندوز ہوئے۔ کرکٹ، فٹ بال، والی بال، رسہ کشی، بیڈمنٹن اور انڈور گیمز کے مقابلے جات کے دوران تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس اپنے محکمہ کے سپورٹران کے ساتھ موجود رہے اور اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے رہے۔





اس ٹورنامنٹ کے اختتام پر تقسیم انعامات کے لئے ایک نہایت ہی شاندار تقریب کا اہتمام الکلی اسپورٹس کلب کے سبزہ زار میں 5 جولائی 2018ء بروز جمعرات بوقت 5 بجے شام کیا گیا۔

اس تقریب میں تمام ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹس، ایمپلائیز اور اپرنٹز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محمد عمر مشتاق ورکس منیجر آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ اس تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔

الکلی اسپورٹس کلب کمیٹی کے چیئر مین ڈاکٹر راشد خان نے بہترین انتظامات کر کے اور بہترین انعامات سے جیتنے والے اور رنراپ کھلاڑیوں کو نواز کر تمام حاضرین سے خوب داد وصول کی۔

اس موقع پر محمد عمر مشتاق نے صحت جسمانی میں بہتری لانے کے لئے ورزش اور روزانہ کوئی نہ کوئی کھیل کم از کم ایک گھنٹہ کھیلنے پر زور دیا اور حاضرین کو بتایا کہ صحت مند جسم صحت مند دماغ کی ضمانت ہوتا ہے۔







سوڈا ایش













عمر مشتاق نے الکلی اسپورٹس کلب کی ٹیم کو بہترین ٹورنامنٹ کے انعقاد پر شاباشی دی اور کہا کہ صحت مند سرگرمیوں کے انعقاد اور لگاتار تسلسل کے ساتھ جاری رکھنے کے لئے آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس انتظامیہ کا تعاون ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے گا۔

تقریب کے آخر میں تمام انعامات جیتنے والے ایمپلائیز نے عمر مشتاق کے ساتھ گروپ فوٹو بنوائے اور یوں یہ شاندار پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔



# سوڈا ایش بزنس میں روڈ سیفٹی مہم

## پہلا مرحلہ

پچھلے سال کی طرح اس سال بھی سیفٹی ڈیپارٹمنٹ نے رانا عدیل کی قیادت میں سوڈا ایش بزنس کھیوڑہ میں روڈ سیفٹی ڈے منایا جس میں پورا دن محفوظ ڈرائیونگ پر تربیتی ورکشاپوں کا انعقاد کیا گیا۔ اس ٹریننگ کے لیے موٹروے ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ایجوکیشن ونگ کو دعوت دی گئی۔ جس میں شامل دو ڈی ایس پی ملک عبدالغنی اور ڈاکٹر معظم کی قیادت میں پانچ لوگوں کی ٹیم نے ٹریننگ کروائی۔ اس دن آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کے ڈرائیورز اور تمام ٹرانسپورٹ کنٹریکٹر کے ڈرائیور، مارٹن مائن، کوائری ڈرائیور کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد ٹریننگ سینٹر میں کیا گیا۔ اس سیشن میں موٹر وے پولیس کے آفیسرز نے ویڈیوز کلپ، سلائیڈز کے ذریعے اور اپنے ذاتی تجربات کی روشنی میں ٹریننگ کروائی۔ اس میں ٹریزز نے ڈرائیورز کو ہدایت کی کہ آپکی چھوٹی سی غلطی سے آپکی فیملی اور جسکے ساتھ آپکی گاڑی ٹکرائی ہے کی فیملی ساری زندگی کے لیے اپنے پیاروں سے محروم ہوسکتی ہے۔ انھوں نے ڈرائیورز کو موسم کی کنڈیشن، سیٹ بلیٹ کا استعمال، ڈارئیونگ لائسنس کا ہونا، ڈرائیونگ سے قبل گاڑی کا چیک اپ، ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کا استعمال، ایک گاڑی سے دوسری گاڑی کا فاصلہ، گاڑی کو اوورٹیک، فیکٹری ایریا میں اور آبادی والی جگہ پر سپیڈ لمٹ کا خیال، ڈرائیور کا نیند کا پورا ہونا، پلانٹ اور روڈ کے ساتھ ایریا میں سائن بورڈ کو دیکھنا، موٹروے پر لین کا استعمال کے بارے میں بتایا اور ان ہدایات پر عمل کرنے کی تلقین کی تاکہ حادثات سے بچا جا سکے۔ اس ٹریننگ کے اختتام پر ڈرائیورز سے اس ٹریننگ کے متعلقہ سوالات کیے گئے جس پر ڈرائیور کے صیح جوابات دینے پر سیفٹی مینجر اور موٹروے پولیس کے حکام نے خوب سراہا۔ سب سے آخر میں ڈرائیوز کو اس عہد پر کاربند رہنے کا کہا کہ

> "منزل مقصود پر دیر سے پہنچنا نہ پہنچنے سے بہتر ہے"

## دوسرا مرحلہ

اسی دن کے دوسرے مرحلے میں محفوظ ڈرائیونگ کے لیے ایک تربیتی ورکشاپ کا اہتمام کیمونٹی لیڈیز کے لیے MRE ونگٹن کلب میں لیڈیز کے لیے کیا گیا جس میں روڈ سیفٹی اور محفوظ ڈرائیونگ کے اوپر خوب اگاہی دی گئی جس پر لیڈیز نے موٹروے پولیس اور سیفٹی مینجر رانا عدیل کا شکریہ ادا کیا اور اس طرح کی ٹریننگ کا گاہے بگائے کرانے کو کہا۔ ٹرینگ کے اختتام پر سیفٹی مینجر رانا عدیل نے تمام کمیونٹی لیڈیز اور موٹروے کے ایجوکیشن ونگ کا شکریہ ادا کیا۔





اس تربیتی ورکشاپ کی خاص بات ورکس مینجر محمد عمر مشتاق کا بھی شامل ہونا تھا، انھوں نے تمام موٹروے ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی کاوش کو سراہا۔ موٹروے پولیس نے بھی آئی سی آئی پاکستان لمیٹڈ سوڈا ایش بزنس کی روڈ سیفٹی سے متعلقہ پالیسیوں کو سراہا۔



ہمقدم
Published by Corporate Communications & Public Affairs Department
ICI House, 5 West Wharf, Karachi, 74000
Designed by AA Graphics /